مختصر وقت میں 100٪ یقینی کامیابی کا بہترین فارمولا

# New Syllabus

پنجاب کے تمام بورڈز کے سابقہ حل شدہ پیپرز

# 9

# جنرل سائنس

# Questions Bank



New Syllabus



# 1 سائنس کا تعارف اور کردار

## (کثیر الانتخابی سوالات)

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ابن الہیثم کا تعلق سائنس کی کس شاخ سے ہے؟ | آواز | حرارت | روشنی | کیمیائی |
| 2 | البیرونی کی شہرہ آفاق کتاب کا نام کیا ہے؟ | کتاب المناظر | الحاوی | المنصوری | تحریر الاماکن |
| 3 | مکینکس، حرارت، روشنی اور آواز کا تعلق کس سائنس سے ہے؟ | علم الارض | فلکیات | کیمسٹری | فزکس |
| 4 | کون سے لوگ نظریات کی تجرباتی تصدیق کے قائل نہ تھے؟ | امریکی | یونانی | جرمن | آسٹروی |
| 5 | منطق، مشاہدہ، تجربہ اور نتائج سے عبارت عملی مذہب ہے: | عیسائیت | ہندومت | اسلام | بدھ مت |
| 6 | یونانی فلاسفر اپنے خیالات کو ثابت نہیں کرنا چاہتے تھے: | عقائد سے | تجربہ سے | مشاہدہ سے | اخذ کرنے سے |
| 7 | قدیم فلاسفرز کے خیال میں دنیا۔۔۔۔۔۔عناصر سے مل کر بنی ہے۔ | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 8 | اسلامی کیمیاء گری کے دور میں کس ایلیمنٹ کی دریافت ہوئی؟ | کاربن | آرسینک | ہائیڈروجن | آکسیجن |
| 9 | یہ دور اسلامی کیمیا گری کا دور کہلاتا ہے: | 200-1000AD | 300-1100AD | 600-1400AD | 700-1500AD |
| 10 | یہ فلاسفر 500 قبل مسیح سے سائنس میں دلچسپی لینے لگے: | ایرانی | فرانسیسی | عراقی | یونانی |
| 11 | کون سا سائنسدان علم کیمیا کا بانی کہلاتا ہے؟ | بوعلی سینا | جابر بن حیان | البیرونی | ابن رشد |
| 12 | علم کیمیا کو تجرباتی حیثیت سے کس نے پیش کیا؟ | مسلمانوں نے | عیسائیوں نے | یہودیوں نے | ہندوؤں نے |
| 13 | ڈاکٹر عطاالرحمٰن کے اب تک ریسرچ پیپرز کی تعداد ہے: | 100 | 200 | 225 | 250 |
| 14 | محمد بن زکریا الرازی پیدا ہوئے: | 722 AD | 865 AD | 965 AD | 973 AD |
| 15 | پودوں کے متعلق علم کو کہتے ہیں: | باٹنی | زوالوجی | میڈیسن | علم فلکیات |
| 16 | ۔۔۔۔۔۔نے پہلی مرتبہ بے ہوش کرنے کے لیے افیون کا استعمال کیا۔ | جابر بن حیان | البیرونی | بوعلی سینا | الرازی |
| 17 | دوربین ایجاد ہے: | جابر بن حیان | البیرونی | راجر بیکن | ابن الہیثم |
| 18 | ڈاکٹر عطاالرحمٰن پیدا ہوئے: | 1940ء | 1941ء | 1942ء | 1943ء |
| 19 | پن ہول کیمرہ ایجاد کیا: | البیرونی نے | جابر بن حیان نے | ابن الہیثم نے | رابرٹ ہک نے |
| 20 | کس مسلمان سائنسدان نے دریافت کیا کہ روشنی کی رفتار آواز کی رفتار سے زیادہ ہے؟ | بوعلی سینا | جابر بن حیان | البیرونی | ابن رشد |
| 21 | ڈاکٹر عبدالسلام کو نوبل انعام دیا گیا: | 1977ء | 1978ء | 1979ء | 1980ء |
| 22 | بوعلی سینا یورپ میں کس نام سے مشہور تھے؟ | الحزن | ایویسینا | ارسطو | تھیوفراسٹس |
| 23 | ڈاکٹر عبدالقدیر خان پیدا ہوئے: | کراچی میں | ملتان میں | لاہور میں | بھوپال میں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 24 | ڈاکٹر عبد السلام ماہر تھے: | ریاضی کے | فزکس کے | کیمسٹری کے | بیالوجی کے |
| 25 | ڈاکٹر عبد القدیر خان نے کب پاکستان میں مستقل سکونت اختیار کی؟ | 1992ء | 1991ء | 1978ء | 1975ء |
| 26 | پاکستان کے نوبل انعام یافتہ سائنسدان کا نام ہے: | ڈاکٹر منیر احمد خان | ڈاکٹر عطاء الرحمٰن | ڈاکٹر اشفاق احمد | ڈاکٹر عبد السلام |
| 27 | فلسفہ کے میدان میں بو علی سینا کی مشہور کتاب کا نام ہے: | تحریر الاماکن | القانون فی الطب | کتاب المناظر | کتاب الشفا |
| 28 | ------ایک مشہور ریاضی دان تھا۔ | الرازی | نیوٹن | ڈاکٹر اشفاق احمد | رابرٹ |
| 29 | سلفیورک ایسڈ تیار کیا: | جابر بن حیان | البیرونی | بو علی سینا | الرازی |
| 30 | تخمیر کے ذریعے الکوحل تیار کی: | البیرونی | بو علی سینا | ڈاکٹر عبد السلام | الرازی |
| 31 | البیرونی کے مطابق زمین کا ریڈیس ہے: | 6353km | 5353km | 7353km | 6338km |
| 32 | ابن الہیثم کی مشہور کتاب ہے: | کتاب المناظر | اکتاب الاسطرلاب | قانون المسعودی | کتاب الشفا |
| 33 | ڈاکٹر ثمر مبارک مند پیدا ہوئے: | 1933ء | 1937ء | 1941ء | 1945ء |
| 34 | "کتاب المناظر" پہلی جامع کتاب ہے: | موجوں پر | آواز پر | روشنی پر | حرارت پر |
| 35 | القانون فی الطب کا مصنف ہے: | جابر بن حیان | البیرونی | ابن الہیثم | بو علی سینا |
| 36 | چاغی کے مقام پر کامیاب نیوکلیئر تجربہ کیا 28 مئی: | 1998ء | 1999ء | 1997ء | 1996ء |
| 37 | ڈاکٹر منیر احمد خان پیدا ہوئے: | 1924ء | 1925ء | 1926ء | 1927ء |
| 38 | ------کسری کشید کے بارے میں جانتا تھا۔ | ابن الہیثم | البیرونی | بو علی سینا | جابر بن حیان |
| 39 | کمزور نیوکلیائی فورسز اور الیکٹرو میگنیٹک فورسز کو یکجا کرنے کا نظریہ پیش کیا: | ڈاکٹر اشفاق احمد خان | ڈاکٹر عبد السلام | ڈاکٹر عطاالرحمٰن | ڈاکٹر منیر احمد خان |
| 40 | البیرونی نے زمین کا قطر معلوم کیا: | لاہور میں | کراچی میں | جہلم میں | ریاض میں |
| 41 | پاکستان ایٹمی طاقت بنا: | 1998ء | 1997ء | 1996ء | 1999ء |
| 42 | مسلم دنیا کا ارسطو ہے: | ابن الہیثم | بو علی سینا | جابر بن حیان | عبد القدیر |
| 43 | ڈاکٹر منیر احمد خان قصور سے لاہور تشریف لائے: | 1936ء | 1937ء | 1938ء | 1939ء |
| 44 | جابر بن حیان ماہر تھا: | بیالوجی | کیمسٹری | فزکس | سرجری |
| 45 | البیرونی نے ریاضی پر تقریباً-----سے زائد کتابیں لکھیں۔ | 50 | 150 | 250 | 350 |
| 46 | ماڈرن دنیا کی ایجاد ہے: | ہوائی جہاز | ریلوے انجن | کمپیوٹر | ٹیلی ویژن |
| 47 | سائنس کی شاخ جس کا تعلق جانداروں کے کیمیائی عوامل سے ہے: | آرگینک کیمسٹری | اِن آرگینک کیمسٹری | بائیو کیمسٹری | فزیکل کیمسٹری |
| 48 | لفظ "جیو" کا مطلب ہے: | ستارہ | آسمان | زمین | سورج |
| 49 | ستاروں اور سیاروں کا علم کہلاتا ہے: | فلکیات | جغرافیہ | زراعت | باٹنی |
| 50 | جانداروں کے مشاہدے اور معائنے کے علم کو کہتے ہیں: | بیالوجی | باٹنی | زوالوجی | مائیکرو بیالوجی |
| 51 | آواز سائنس کی کس شاخ سے تعلق رکھتی ہے؟ | فزکس | کیمیا | بیالوجی | جیالوجی |
| 52 | جیوگرافی کے تحت مختلف علاقوں کی گراف بندی کی جاتی ہے: | زمین کے | سورج کے | زراعت کے | میڈیسن کے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 53 | پیمائش کی سائنس کہلاتی ہے؟ | فزکس | کیمسٹری | زراعت | بیالوجی |
| 54 | جانوروں کے مطالعہ کو کہتے ہیں: | باٹنی | زوالوجی | مارفولوجی | فزیالوجی |

☆☆☆☆☆

## (مختصر جوابی سوالات)

**سوال1:** سائنس کی تعریف کیجیے۔

**جواب:** سائنس لاطینی لفظ "Scientia" سے اخذ کیا گیا ہے جس کے لغوی معنی حقائق کا اصلی شکل میں باقاعدہ مطالعہ کرنا ہے۔ سائنس کا بنیادی اصول مشاہدہ اور استدلال ہے۔

**سوال2:** دورِ جدید کے چار غیر مسلم سائنسدانوں کے نام لکھیے۔

**جواب:** دورِ جدید کے چار غیر مسلم سائنسدان یہ ہیں:

1۔ گلیلیو 2۔ آئزک نیوٹن 3۔ گریگر مینڈل 4۔ ایڈیسن

**سوال3:** یونانیوں کے مطابق زمین پر زندگی کن عناصر کی وجہ سے وجود میں آئی؟

**جواب:** قدیم یونانی فلاسفرز کا خیال تھا کہ دنیا میں موجود تمام چیزیں چار ایلیمنٹس یعنی ہوا، پانی، مٹی اور آگ سے بنی ہیں۔

**سوال4:** یونانی فلاسفرز کا دور کون سا تھا؟

**جواب:** یونانی فلاسفرز 500 قبل مسیح سے سائنس میں دلچسپی لینے لگے۔ یونانی نظریات کی تجرباتی تصدیق کے قائل نہیں تھے۔ ان کا خیال تھا کہ دنیا میں موجود تمام چیزیں چار ایلیمنٹس یعنی ہوا، پانی، مٹی اور آگ سے بنی ہیں۔

**سوال5:** بو علی سینا کی دو کتب کے نام لکھیے۔

**جواب:** بو علی سینا کی دو کتابوں کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ کتاب الشفا 2۔ القانون فی الطب

**سوال6:** چار مسلمان سائنسدانوں کے نام لکھیے۔

**جواب:** چار مسلم سائنسدانوں کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ جابر بن حیان 2۔ محمد بن زکریا الرازی 3۔ ابن الہیثم 4۔ البیرونی

**سوال7:** سپارکو کی بنیاد کب اور کس نے رکھی؟

**جواب:** سپارکو کی بنیاد ڈاکٹر عبد السلام نے 1961ء میں رکھی۔

**سوال8:** سائنس کے میدان میں جابر بن حیان کے دو کارنامے لکھیے۔

**جواب:** سائنس کے میدان میں جابر بن حیان کے دو کارنامے درج ذیل ہیں:

1۔ جابر بن حیان نے کچھ دھاتوں کو پگھلا کر صاف کرنے، فولاد تیار کرنے، چمڑا بنانے، کپڑا رنگنے اور لوہے کو زنگ سے بچانے کے طریقے معلوم کیے۔

2۔ سلفیورک ایسڈ، نائٹرک ایسڈ اور ہائڈروکلورک ایسڈ پہلی دفعہ جابر بن حیان نے ہی تیار کیے تھے۔

**سوال9:** ابن الہیثم کے دو سائنسی کارنامے لکھیے۔

**جواب:** ابن الہیثم کے دو سائنسی کارنامے درج ذیل ہیں:

1۔ پِن ہول کیمرہ ایجاد کیا۔ 2۔ آنکھ کے بارے میں تفصیل اپنی کتاب میں پیش کی۔

**سوال10:** ڈاکٹر ثمر مبارک مند کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

**جواب:** ڈاکٹر ثمر مبارک مند 17 ستمبر 1941ء کو راولپنڈی میں پیدا ہوئے۔

**سوال11:** البیرونی نے کل کتنی کتابیں لکھیں؟ ان کی مشہور کتاب کا نام لکھیے۔

**جواب:** البیرونی نے ریاضی کے موضوعات پر قریباً 150 سے زائد کتابیں تحریر کیں۔ ان کی مشہور کتاب کا نام "تحریر الاماکن" ہے۔

**سوال12:** ڈاکٹر عطاء الرحمٰن کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

**جواب:** ڈاکٹر عطاء الرحمٰن 1942ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔

**سوال13:** محمد بن زکریا الرازی نے مختلف کیمیائی مرکبات کو کتنے گروپس میں تقسیم کیا؟

**جواب:** محمد بن زکریا الرازی نے مختلف کیمیائی مرکبات کو چار گروپس میں تقسیم کیا:

1۔معدنیاتی 2۔نباتاتی 3۔حیوانی 4۔ماخوذ

**سوال14:** محمد بن زکریا الرازی نے کن بیماریوں کی علامات اور علاج دریافت کیا؟

**جواب:** محمد بن زکریا الرازی نے ہی سب سے پہلے چیچک اور خسرہ کے اسباب، علامات اور علاج کے بارے میں تفصیل سے روشنی ڈالی تھی۔

**سوال15:** جابر بن حیان کی تین کتابوں کے نام لکھیے۔

**جواب:** جابر بن حیان کی تین کتابوں کے نام درج ذیل ہیں:

1۔الکتاب 2۔الخالص 3۔الکیمیا

**سوال16:** ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی خدمات لکھیے۔/ پاکستان نے ایٹمی دھماکہ کب کیا؟

**جواب:** ڈاکٹر عبدالقدیر خان پاکستان کے مایہ ناز ایٹمی سائنسدان ہیں، ان کی خدمات ذیل میں بیان کی جاتی ہیں:

1۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے دیگر پاکستانی سائنسدانوں کے تعاون سے 28 مئی 1998ء کو بلوچستان میں چاغی کے مقام پر کامیاب نیوکلیئر تجربہ کیا جس کے نتیجے میں پاکستان ایٹمی طاقت بن گیا۔

2۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی خدمات کو سراہتے ہوئے بعد میں "کہوٹہ ریسرچ لیبارٹریز" کا نام آپ کے اعزاز میں "ڈاکٹر اے کیو خان ریسرچ لیبارٹریز" رکھ دیا گیا۔ پاکستانی قوم ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کر سکتی اور دل کی گہرائیوں سے انہیں ہمیشہ سلام پیش کرتی رہے گی۔

**سوال17:** ڈاکٹر عبدالسلام کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

**جواب:** ڈاکٹر عبدالسلام 29 جنوری 1926ء میں سنتوک داس ضلع ساہیوال میں پیدا ہوئے۔

**سوال18:** ڈاکٹر عبدالسلام کو نوبل انعام کیوں دیا گیا؟

**جواب:** ڈاکٹر عبدالسلام نے دو بنیادی فورسز یعنی کمزور نیوکلیائی فورس اور الیکٹرو میگنیٹک فورس کو یکجا کرنے کا نظریہ پیش کیا۔ لہٰذا نظریاتی فزکس کے شعبے میں اعلیٰ تحقیق کی بنا پر 1979ء میں انہیں وین برگ اور گلوشو کے ساتھ نوبل انعام دیا گیا۔ فی الحال عبدالسلام واحد پاکستانی سائنسدان ہیں جنہیں نوبل انعام ملا ہے۔

**سوال19:** سائنس کے میدان میں البیرونی کی کوئی سی دو خدمات بیان کیجیے۔

**جواب:** سائنس کے میدان میں البیرونی کی دو خدمات درج ذیل ہیں:

1۔ البیرونی نے یہ دریافت کیا کہ روشنی، آواز سے زیادہ تیز رفتار ہے۔

2۔ البیرونی نے زمین کا قطر معلوم کیا۔ اس نے حساب لگا کر بتایا کہ زمین کا نصف قطر 6338 کلومیٹر ہے۔

**سوال20:** ڈاکٹر منیر احمد خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

**جواب:** ڈاکٹر منیر احمد خان 1926ء میں قصور میں پیدا ہوئے۔

**سوال21:** **ڈاکٹر عبدالقدیر خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟**

**جواب:** ڈاکٹر عبدالقدیر خان یکم اپریل 1936ء کو ہندوستان کے شہر بھوپال میں پیدا ہوئے۔

**سوال22:** **ڈاکٹر عطاء الرحمٰن کی سائنس میں خدمات لکھیے۔**

**جواب:** ڈاکٹر عطاء الرحمٰن کی سائنس میں خدمات درج ذیل ہیں:

1۔ انہوں نے میڈیسن سائنس میں گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔

2۔ ڈاکٹر عطاء الرحمٰن کے اب تک سوا دو سو سے زائد ریسرچ پیپرز شائع ہو چکے ہیں کئی سائنسدانوں نے اپنی ریسرچ آگے بڑھانے کے لیے ان سے استفادہ کیا ہے۔

**سوال23:** **کوئی سے چار پاکستانی سائنسدانوں کے نام لکھیے۔**

**جواب:** چار پاکستانی سائنسدانوں کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ ڈاکٹر عبدالسلام 2۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان 3۔ ڈاکٹر منیر احمد 4۔ ڈاکٹر عطاء الرحمٰن

**سوال24:** **البیرونی کا پورا نام لکھیے اور سن پیدائش درج کیجیے۔**

**جواب:** البیرونی کا پورا نام "برہان الحق ابوریحان محمد بن احمد" ہے اور سن پیدائش 4 ستمبر 973ء ہے۔

**سوال25:** **کہوٹہ ریسرچ لیبارٹریز کا نیا نام کیا ہے؟**

**جواب:** کہوٹہ ریسرچ لیبارٹریز کا نیا نام ڈاکٹر اے کیو خان ریسرچ لیبارٹریز ہے۔

**سوال26:** **علم کیمیا کا بانی کسے کہا جاتا ہے اور کیوں؟**

**جواب:** جابر بن حیان کو علم کیمیا کا بانی کہا جاتا ہے کیونکہ جابر بن حیان بہت سے کیمیائی مرکبات کے موجد تھے۔

**سوال27:** **علم اور اس کی اہمیت کے بارے میں دو احادیث مبارکہ کا ترجمہ لکھیے۔**

**جواب:** علم اور اس کی اہمیت کے بارے میں حضور نبی کریم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے:

1۔ "ہر مسلمان مرد و عورت پر علم حاصل کرنا فرض ہے۔"

2۔ "گود (پنگھوڑے) سے قبر تک علم حاصل کرو۔"

**سوال28:** **الرازی کے دو کارنامے لکھیے۔**

**جواب:** الرازی کے دو کارنامے درج ذیل ہیں:

1۔ الرازی نے ہی سب سے پہلے چیچک اور خسرہ کے اسباب، علامات اور علاج کے بارے میں تفصیل سے روشنی ڈالی تھی۔ ان بیماریوں سے متعلق الرازی کے تحریر کردہ اصول آج بھی تسلیم کیے جاتے ہیں۔

2۔ الرازی پہلے سائنسدان تھے جنہوں نے تخمیر کے ذریعے الکوحل تیار کی۔

**سوال29:** **وادیٔ سندھ کے بارے میں البیرونی کا کیا خیال تھا؟**

**جواب:** البیرونی پہلا شخص تھا جس نے یہ نظریہ پیش کیا کہ وادی سندھ کسی زمانہ میں سمندر تھی۔ بعد میں آہستہ آہستہ ریت اور کیچڑ جمع ہوتی گئی تو وادی سندھ وجود میں آگئی۔ جدید ماہرین ارضیات کا بھی یہی خیال ہے۔

**سوال30:** باٹنی اور زوالوجی کے درمیان فرق بیان کیجیے۔

**جواب:**

| باٹنی | زوالوجی |
|---|---|
| پودوں کے متعلق علم کو باٹنی کہتے ہیں۔ اس میں پودوں کی ساخت، نشوونما اور ان کے ماحول کے بارے میں بحث کرتے ہیں۔ | جانوروں کے متعلق علم کو زوالوجی کہتے ہیں۔ اس میں جانوروں اور انسانوں کی جسامت اور ان کے ماحول کے بارے میں بحث کرتے ہیں۔ |

**سوال31:** فزکس اور کیمسٹری میں فرق واضح کیجیے۔

**جواب:**

| فزکس | کیمسٹری |
|---|---|
| فزکس وہ علم ہے جو بالخصوص مادی اشیا اور ان کی توانائی وغیرہ سے متعلق ہوتا ہے۔ | کیمسٹری سائنس کی وہ شاخ ہے جس میں مختلف اشیا کی ماہیت، ترکیب اور ان کے کیمیائی خواص کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ |

**سوال32:** زراعت سے کیا مراد ہے؟ زراعت کے میدان میں سائنس نے کیا ترقی کی ہے؟

**جواب:** کھیتی باڑی کے طریقے، گوشت اور دودھ دینے والے جانوروں کو پالنے کا علم زراعت کہلاتا ہے۔ فصلوں کی بیماریاں، ان سے بچاؤ کے طریقے، زراعت میں استعمال ہونے والے آلات، مشینیں، کھادیں اور جراثیم کش ادویات کی تیاری وغیرہ اسی سائنس میں شامل ہیں۔

**سوال33:** فزکس کیا ہے؟ اس کی دو شاخوں کے نام لکھیے۔

**جواب:** فزکس وہ علم ہے جو بالخصوص مادی اشیا اور ان کی توانائی وغیرہ سے متعلق ہوتا ہے۔ فزکس کو پیمائش کی سائنس کا نام بھی دیا گیا ہے کیونکہ اس علم کا تعلق زیادہ تر ناپ تول سے ہے۔

**سوال34:** بیالوجی کی تعریف کیجیے۔

**جواب:** بیالوجی اس علم کو کہتے ہیں جس میں سائنسی طریقوں سے جانداروں کا مطالعہ کیا جائے۔

**سوال35:** جیوگرافی کی تعریف کیجیے۔

**جواب:** جیو کے معنی زمین اور گرافی کے معنی گراف بندی ہیں۔ گویا جیوگرافی کے تحت زمین کے مختلف حصوں یعنی خشکی اور تری کے علاقوں کی گراف بندی کی جاتی ہے۔ علم جغرافیہ میں کرہ ارض کے خدوخال، زمین، پانی، ہوا، نباتات اور انسان کے آپس کے تعلقات سے بحث ہوتی ہے۔

**سوال36:** بائیوفزکس اور جیوفزکس کے درمیان فرق کو واضح کیجیے۔

**جواب:**

| بائیوفزکس | جیوفزکس |
|---|---|
| اس میں فزکس کے اصولوں کو مدِنظر رکھ کر بائیولوجی کا مطالعہ شامل ہے۔ | زمین کی اندرونی ساخت اور دوسرے زمینی مظاہر کی فزکس کے قوانین سے وضاحت جیوفزکس کہلاتی ہے۔ |

**سوال37:** آسٹروفزکس سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** اجرام فلکی کے بارے میں فزکس کے حوالے سے وضاحت آسٹروفزکس کہلاتی ہے۔

**سوال38:** میڈیسن کی تعریف کیجیے۔

**جواب:** میڈیسن سائنس کی وہ شاخ ہے جو جانداروں کے اجسام کی ساخت، امراض کی تشخیص، طریقۂ علاج، ادویات کی تیاری، تشخیص اور علاج میں استعمال ہونے والے آلات اور مشینوں کے علم سے متعلق ہے۔

**سوال39:** علم فلکیات میں کس چیز کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟/آسٹرونومی کی تعریف لکھیے۔

**جواب:** علم فلکیات میں فلکی اجسام مثلاً سورج، چاند، ستاروں اور سیاروں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

**سوال40:** فزکس کی چار شاخوں کے نام لکھئے۔

**جواب:** فزکس کی چار شاخیں درج ذیل ہیں:

1۔ مکینکس 2۔ حرارت 3۔روشنی 4۔الیکٹریسٹی

**سوال41:** بائیوفزکس اور بائیوکیمسٹری کی تعریف کیجیے۔

**جواب:** بائیوفزکس: فزکس کے اصولوں کے مدِ نظر رکھ کر بائیولوجی کا مطالعہ، بائیوفزکس کہلاتا ہے۔

بائیوکیمسٹری: کیمسٹری کے اصولوں کو مدِ نظر رکھ کر بائیولوجی کا مطالعہ، بائیوکیمسٹری کہلاتا ہے۔

**سوال42:** بائیولوجی کی دو شاخوں کے نام لکھئے۔

**جواب:** بائیولوجی کی دو شاخیں درج ذیل ہیں:

1۔ باٹنی 2۔ زوالوجی

**سوال43:** ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** صنعتی فنون کا علم ٹیکنالوجی ہے۔ ہماری روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والی اشیا مثلاً کمہار کا چاک، لوہار کی بھٹی، جولاہے کا تکلہ، کسان کا ہل اور رہٹ، چپوؤں سے چلنے والی کشتیاں وغیرہ سب زمانہ قدیم کے علم اور اس پر مبنی ٹیکنالوجی پر مشتمل ہیں

## کثیرالانتخابی سوالات کے جوابات

باب نمبر1: سائنس کا تعارف اور کردار

| سوال نمبر | | جواب | سوال نمبر | | جواب | سوال نمبر | | جواب |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 01 | C | روشنی | 02 | D | تحریر الاماکن | 03 | D | فزکس |
| 04 | B | یونانی | 05 | C | اسلام | 06 | B | تجربہ سے |
| 07 | D | 4 | 08 | B | آرسینک | 09 | C | 600-1400 AD |
| 10 | D | یونانی | 11 | C | البیرونی | 12 | A | مسلمانوں نے |
| 13 | C | 225 | 14 | B | 865 AD | 15 | A | باٹنی |
| 16 | D | الرازی | 17 | C | راجربیکن | 18 | C | 1942ء |
| 19 | C | ابن الہیثم نے | 20 | C | البیرونی | 21 | C | 1979ء |
| 22 | B | ابوسینا | 23 | D | بھوپال میں | 24 | B | فزکس کے |
| 25 | D | 1975ء | 26 | D | ڈاکٹر عبدالسلام | 27 | D | کتاب الشفا |
| 28 | B | نیوٹن | 29 | A | جابر بن حیان | 30 | D | الرازی |
| 31 | D | 6338km | 32 | A | کتاب المناظر | 33 | C | 1941ء |
| 34 | C | روشنی پر | 35 | D | بوعلی سینا | 36 | A | 1998ء |
| 37 | C | 1926ء | 38 | D | جابر بن حیان | 39 | B | ڈاکٹر عبدالسلام |
| 40 | C | جہلم میں | 41 | A | 998ء | 42 | B | بوعلی سینا |
| 43 | B | 1937ء | 44 | B | کیمسٹری | 45 | B | 150 |
| 46 | C | کمپیوٹر | 47 | C | بائیوکیمسٹری | 48 | C | زمین |
| 49 | A | فلکیات | 50 | A | بیالوجی | 51 | A | فزکس |
| 52 | A | زمین کے | 53 | A | فزکس | 54 | B | زوالوجی |

# باب نمبر 2 ہماری زندگی اور کیمیا

## (کثیر الانتخابی سوالات)

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کاربن کی جو فارم کرسٹلائن نہیں ہے: | چارکول | گریفائیٹ | بکی بال | ہیرا |
| 2 | فضائی نائٹروجن کو جس عمل سے فائدہ مند بنایا جاتا ہے: | نائٹروجن چکر | کاربن چکر | نائٹروجن فکسیشن | آبی چکر |
| 3 | آکسیجن اور نائٹروجن کے کیمیائی عمل سے بنتا ہے: | نائٹرک ایسڈ | نائٹروجن آکسائیڈ | نائٹروجن پر آکسائیڈ | نائٹریٹس |
| 4 | ہوا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کی مقدار جس عمل سے بڑھتی ہے: | ضیائی تالیف | ریسپریشن | جلنے سے | ویپرز بننے سے |
| 5 | آئیوڈین کی کمی انسانوں میں جس بیماری کا باعث بنتی ہے: | گلہڑ | کینسر | ٹیوبرکولاسز | ہیضہ |
| 6 | پتوں میں سوڈیم کی مقدار ہوتی ہے: | 0.01سے10فیصد | 10سے15فیصد | 12سے16فیصد | 16سے20فیصد |
| 7 | انسانی جسم کا سب سے اہم جزو ہے: | کاربن | پانی | آکسیجن | خوراک |
| 8 | ایسا طریقہ جس میں زندہ چیزیں اپنے جسم کے خلیوں میں خوراک کی تکسید کرنے کے لیے ہوا سے آکسیجن کا استعمال کرتی ہیں: | ریسپائریشن | ڈائجیشن | فوٹوسنتھی سز | ایکسکریشن |
| 9 | کائنات میں سب سے زیادہ پایا جانے والا ایلیمنٹ ہے: | آکسیجن | ہائڈروجن | نائٹروجن | کاربن |
| 10 | ریسپریشن کے عمل سے حاصل نہیں ہوتی ہے: | خوراک | پانی | کاربن ڈائی آکسائیڈ | توانائی |
| 11 | زمین پر پائے جانے والی جاندار اشیا کا بنیادی جزو ہے: | کاربن | آکسیجن | نائٹروجن | ہائیڈروجن |
| 12 | کون سی گیس بے رنگ ہوتی ہے؟ | آکسیجن | نائٹروجن | کلورین | برومین |
| 13 | ریسپی ریشن کا عمل کہلاتا ہے: | فوٹوسنتھی سز | کیٹابولک | اینابولک | آکسیڈیشن |
| 14 | فوٹوسنتھی سز ایک عمل ہے: | کیٹابولک | پروڈکٹ | اینابولک | ریسپریشن |
| 15 | ایسا عمل جس میں پودے گلوکوز تیار کرتے ہیں کہلاتا ہے: | ریسپریشن | فوٹوسنتھی سز | آکسیڈیشن | میٹابولزم |
| 16 | کس عمل میں آکسیجن پیدا ہوتی ہے؟ | ریسپریشن | فوٹوسنتھی سز | ڈائجیشن | اسیملیشن |
| 17 | فوٹوسنتھی سز کے عمل میں کون سی گیس استعمال ہوتی ہے؟ | آکسیجن | ہائیڈروجن | کاربن مونو آکسائیڈ | کاربن ڈائی آکسائیڈ |
| 18 | ؟ + ؟ ⟶ پانی+کاربن ڈائی آکسائیڈ | گلوکوز+آکسیجن | گلوکوز+ہائیڈروجن | گلوکوز+نائٹروجن | گلوکوز+کاربن |
| 19 | ------زندہ رہنے کے لیے ضروری ہے۔ | ہائیڈروجن | کاربن | آکسیجن | نائٹروجن |
| 20 | لیڈ پنسل بنانے میں اس عنصر کا استعمال ہوتا ہے: | سلفر | زنک | گریفائیٹ | کیلشیم |
| 21 | کاربن کی-------ایلوٹروپک فارمز ہیں۔ | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 22 | -----کاربن کی ایلوٹروپک فارم ہے۔ | کول | چارکول | کوک | بکی بالز |
| 23 | بطور تخفیفی عامل استعمال ہوتا ہے: | گریفائیٹ | سوٹ | کوک | کول |
| 24 | کاربن کی ایلوٹروپک فارم ہے: | کول | سوٹ | چارکول | گریفائیٹ |
| 25 | ایک عنصر جو ایک ہی حالت میں ایک سے زیادہ طبعی حالتوں میں موجود ہوتا ہے، وہ حالت کہلاتی ہے: | آرگینک | نان آرگینک | ایلوٹروپک | نان ایلوٹروپک |
| 26 | کوک بنتا ہے جب کول کو گرم کیا جاتا ہے: | $1100^{\circ}C$ | $1200^{\circ}C$ | $1300^{\circ}C$ | $1600^{\circ}C$ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 27 | بطور لبریکینٹ استعمال ہوتا ہے: | ہیرا | بکی بالز | گریفائیٹ | آکسیجن |
| 28 | کاربن کی ایلوٹروپک حالت نہیں ہے: | ہیرا | چارکول | گریفائیٹ | بکی بالز |
| 29 | پھلوں کو قبل از وقت پکانے کے لیے کون سی گیس استعمال ہوتی ہے؟ | میتھین | ہائیڈروجن | ایتھین | آکسیجن |
| 30 | نامیاتی مرکبات میں لازمی جزو ہوتا ہے: | آکسیجن | کاربن | نائٹروجن | ہائیڈروجن |
| 31 | کون سا مرکب نامیاتی مرکب ہے؟ | قدرتی گیس | امونیم کلورائیڈ | پانی | سوڈیم کلورائڈ |
| 32 | ------واحد کمپاؤنڈ ہے جو ٹھوس، مائع اور گیس تینوں حالتوں میں پایا جاتا ہے: | گندھک کا تیزاب | پانی | میتھین | ایتھین |
| 33 | $0^oC$ پر پانی کی ڈینسٹی ہوتی ہے: | $0.9390\ gcm^{-3}$ | $0.9590\ gcm^{-3}$ | $0.9790\ gcm^{-3}$ | $0.9990\ gcm^{-3}$ |
| 34 | برف--------کی وجہ سے پانی کی سطح پر تیرتی ہے۔ | کم وزن | کم کثافت | کم قیمت | کم درجہ حرارت |
| 35 | ہڈیوں میں پانی کی مقدار بلحاظ وزن موجود ہے: | 72% | 73% | 74% | 75% |
| 36 | ایک جوان آدمی کے جسم میں قریباً کتنا پانی ہوتا ہے؟ | 25لٹر | 35لٹر | 40لٹر | 45لٹر |
| 37 | پانی کا بوائلنگ پوائنٹ ہے: | $90^oC$ | $105^oC$ | $100^oC$ | $80^oC$ |
| 38 | سطح زمین پر سب سے زیادہ پایا جانے والا کمپاؤنڈ ہے: | کیلیم کاربونیٹ | پانی | کاپر سلفیٹ | سوڈیم کلورائیڈ |
| 39 | بلحاظ وزن سیب میں پانی کی فیصد مقدار ہے: | 64% | 74% | 84% | 94% |
| 40 | درجہ حرارت جس پر پانی کی ڈینسٹی زیادہ سے زیادہ ہوتی ہے: | $2^oC$ | $3^oC$ | $4^oC$ | $5^oC$ |
| 41 | ٹماٹر میں پانی کی فیصد مقدار بلحاظ وزن ہے: | 95% | 96% | 97% | 98% |
| 42 | کینسر کے علاج کے لیے لیزر کی کون سی قسم استعمال ہوتی ہے؟ | نیون | آرگان | کرپٹان | ریڈان |
| 43 | ہوا میں نائٹروجن کی مقدار بلحاظ حجم ہے: | 21% | 50% | 54% | 78% |
| 44 | پودوں اور جانوروں میں پروٹین کی شکل میں پائی جاتی ہے: | آکسیجن | نائٹروجن | کاربن | ہائیڈروجن |
| 45 | ایسی گیسیں، جو فضا میں بہت کم مقدار میں پائی جاتی ہیں اور کیمیکل انرٹ نیس ان کی پہچان ہے کہلاتی ہے/ہیں: | کلورین گیس | نوبل گیسیں | آکسیجن گیس | ہائیڈروجن گیس |
| 46 | ایڈورٹائزنگ سائن میں استعمال کیا جاتا ہے: | آرگان | نیون | کرپٹان | ریڈان |
| 47 | ہوا میں آکسیجن کی فیصد مقدار بلحاظ حجم ہے: | 21% | 23% | 24% | 19% |
| 48 | بجلی کے بلبوں میں گیس استعمال ہوتی ہے: | آرگان | نائٹروجن | ہائیڈروجن | آکسیجن |
| 49 | اوزون گیس بنتی ہے: | آرگان سے | نیون سے | آکسیجن سے | کاربن سے |
| 50 | ریئر گیس کی مثال ہے: | ہائیڈروجن | نائٹروجن | کلورین | آرگان |
| 51 | کون سی گیس زمین کا درجہ حرارت برقرار رکھنے میں مددگار ہے؟ | کاربن ڈائی آکسائیڈ | آکسیجن | نائٹروجن | ہائیڈروجن |
| 52 | دانتوں کی صحت کے لیے ضروری عنصر ہے: | فلورائیڈ | برومائیڈ | آئیوڈائیڈ | سلفر |
| 53 | آئیوڈین-131 کس گلینڈ کے علاج کے لیے استعمال کی جاتی ہے؟ | تھائی رائیڈ | پچوٹری | ایڈرینل | پینکریاز |
| 54 | پودوں میں میگنیشیم کی مقدار کتنے فی صد ہوتی ہے؟ | 0.1% سے 0.4% | 0.2% سے 0.4% | 0.3% سے 0.6% | 0.5% سے 0.6% |
| 55 | ہیموگلوبن اور مائیوگلوبن میں پایا جانے والا ایلیمنٹ جو آکسیجن کی ترسیل کا باعث ہے: | آئرن | کاپر | سلفر | آئیوڈین |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 56 | ہڈیوں کا لازمی جزو ہے: | سلفر | کیلشیم | کلورین | تانبا |
| 57 | خون کے جمنے، ہڈیوں کے بنانے اور مسلز کے سکڑنے، پھیلنے کا ذمہ دار ہے: | آئرن | کیلسیم | سوڈیم | فلورائیڈ |
| 58 | کلورین کا مرکب ہے: | PMC | PAC | PVC | PUC |
| 59 | ماچس بنانے میں استعمال ہوتا ہے: | فاسفورس | میگنیشیم | کیلسیم | آئیوڈین |
| 60 | انسانوں، جانوروں اور پودوں میں انرجی کا ماخذ ہے: | ATP | DDT | BCG | DPT |
| 61 | ایک بے رنگ بے بو مائع ہے: | پانی | آئل | پٹرول | ڈیزل |

## (مختصر جوابی سوالات)

**سوال 1:** زندگی کے بنیادی تعمیراتی عناصر کتنے ہیں؟ ان کے نام لکھیے۔

**جواب:** زندگی کے بنیادی تعمیراتی عناصر مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ کاربن  2۔ ہائیڈروجن  3۔ آکسیجن

**سوال 2:** کاربوہائیڈریٹس میں پائے جانے والے عناصر کے نام لکھیے۔

**جواب:** کاربوہائیڈریٹس میں پائے جانے والے عناصر کاربن، ہائیڈروجن اور آکسیجن ہیں۔

**سوال 3:** ریسپریشن اور فوٹوسنتھی سز میں کیا فرق ہے؟

**جواب:**

| ریسپریشن | فوٹوسنتھی سز |
|---|---|
| ریسپریشن ایسا عمل ہے جس میں جاندار پودوں سے آکسیجن حاصل کرتے ہیں تاکہ خوراک میں موجود گلوکوز کی آکسیڈیشن سے جسم کو انرجی فراہم کی جا سکے۔ | فوٹوسنتھی سز ایک ایسا عمل ہے جس میں سبز پودے سورج کی روشنی کی موجودگی میں فضا سے کاربن ڈائی آکسائیڈ اور زمین سے پانی حاصل کر کے کاربوہائیڈریٹس (گلوکوز) تیار کرتے ہیں۔ |
| انرجی + پانی + کاربن ڈائی آکسائیڈ ← آکسیجن + گلوکوز | آکسیجن + گلوکوز ← (کلوروفل) کاربن ڈائی آکسائیڈ + پانی |

**سوال 4:** چار آرگینک کمپاؤنڈز کے نام لکھیے۔

**جواب:** چار آرگینک کمپاؤنڈز کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ پروٹینز  2۔ کاربوہائیڈریٹس  3۔ لپڈز  4۔ وٹامنز

**سوال 5:** ایلوٹروپی سے کیا مراد ہے؟ کاربن کی ایلوٹروپک فارمز کون کون سی ہیں؟

**جواب:** جب کوئی ایلیمنٹ ایک سے زیادہ مختلف طبعی حالتوں میں پایا جائے تو یہ عمل ایلوٹروپی کہلاتا ہے۔ کاربن کی ایلوٹروپک فارمز درج ذیل ہیں:

1۔ ہیرا  2۔ گریفائیٹ  3۔ بکی بالز

**سوال 6:** کاربن کیا ہے؟

**جواب:** کاربن ایک ایلیمنٹ ہے جو آرگینک کمپاؤنڈز کا لازمی جزو ہوتا ہے۔

**سوال 7:** بکی بالز کیا ہے؟ اس کے دو استعمال لکھیے۔

**جواب:** بکی بالز کاربن کی تیسری ایلوٹروپک فارم ہے جو قدرتی طور پر پائی جاتی ہے۔ اس کے استعمال مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ یہ بطور سیمی کنڈکٹر استعمال ہوتی ہے۔  2۔ یہ بطور لبریکنٹس استعمال ہوتی ہے۔

**سوال 8:** گریفائیٹ کی ساخت اور استعمال بیان کیجیے۔

**جواب:** گریفائیٹ کاربن کی قلمی حالت ہے جو قدرت میں آزاد حالت میں پائی جاتی ہے۔ اسے کوئلے کو برقی بھٹی میں گرم کرنے سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ یہ ایک نرم، سیاہ اور ٹھوس حالت ہے جس کی سطح چمکدار اور چھونے پر پھسلن محسوس ہوتی ہے۔ گریفائیٹ زیادہ ٹمپریچر برداشت

کرنے والی کٹھالیوں، خشک سیل کے الیکٹروڈ، لیڈ پنسل، بطور لبریکینٹ اور رنگ سازی میں استعمال ہوتا ہے۔

**سوال 9:** **ہیرے کی خصوصیات اور استعمالات لکھئے۔**

**جواب:** ہیرے کی مندرجہ ذیل خصوصیات ہیں:

1۔ یہ کاربن کی بے رنگ، شفاف اور کرسٹل حالت ہے۔

2۔ یہ زمین کی گہرائیوں میں بہت زیادہ حرارت اور دباؤ کی وجہ سے بنتا ہے۔

3۔ یہ کائنات میں سخت ترین شے ہے۔

**استعمالات:** یہ گلاس کاٹنے اور قیمتی پتھروں کو پالش کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

**سوال 10:** **کوک اور چارکول کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب:** کوک کاربن کی ایک اور نان ایلوٹروپک شکل ہے جو کول کو قریباً $1300^\circ C$ ٹمپریچر پر ہوا کی غیر موجودگی میں جلانے سے حاصل کی جاتی ہے۔ کوک بطور ایندھن اور مختلف کیمیائی صنعتوں میں بطور تخفیفی عامل بھی استعمال ہوتا ہے۔

چارکول اور سُوٹ بھی کاربن کی حالتیں ہیں لیکن یہ قدرتی طور پر نہیں پائی جاتیں بلکہ ان کو جانوروں کی ہڈیوں، نٹ شیل شوگر، خون اور کول کو آکسیجن کی محدود مقدار میں جلانے سے حاصل کیا جاتا ہے۔ چارکول خطرناک گیسوں کو جذب کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

**سوال 11:** **کاربن کی ایلوٹروپک اور نان ایلوٹروپک فارمز کے نام لکھئے۔**

**جواب:** کاربن کی ایلوٹروپک فارمز مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ ہیرا　　2۔ گریفائیٹ　　3۔ بکی بالز

کاربن کی نان ایلوٹروپک فارمز مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ چارکول　2۔ سوٹ　　3۔ کوک

**سوال 12:** **ایلوٹروپک فارمز کیا ہیں؟ ایک مثال دیجیے۔**

**جواب:** کسی بھی ایلیمنٹ کی مختلف طبعی حالتوں کو ایلوٹروپک فارمز کہا جاتا ہے۔ یہ فارمز طبعی خصوصیات کے لحاظ سے ایک دوسرے سے مختلف ہیں لیکن کیمیائی خصوصیات کے لحاظ سے ایک جیسی ہوتی ہیں۔ مثال: ہیرا

**سوال 13:** **نامیاتی کیمیا کی تعریف کیجیے اور نامیاتی مرکبات کی دو مثالیں دیجیے۔**

**جواب:** نامیاتی کیمیا یا آرگینک کیمیا کاربن کے کمپاؤنڈز کی کیمیا ہے۔ ایسے اکثر کمپاؤنڈز میں ہائڈروجن اور بہت سے کمپاؤنڈز میں آکسیجن بھی موجود ہوتی ہے۔ مثالیں: 1۔ میتھین $(CH_4)$　　2۔ ایتھین $(C_2H_6)$

**سوال 14:** **ایتھین گیس کا استعمال لکھئے۔**

**جواب:** ایتھین پھلوں بالخصوص کیلے کو قبل از وقت پکانے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ کچے کیلے کو مخصوص ڈبوں میں ڈال کر خاص جگہوں پر رکھا جاتا ہے جہاں ایتھین گیس کی مقدار زیادہ سے زیادہ ہو جس سے کیلے اور سبزیاں پک جاتے ہیں۔

**سوال 15:** **پانی کے دو خواص تحریر کیجیے۔**

**جواب:** پانی کے دو خواص درج ذیل ہیں:

1۔ پانی ایک بے رنگ اور بے بو مائع ہے۔

2۔ پانی کا فریزنگ پوائنٹ $0^\circ C$ اور بوائلنگ پوائنٹ $100^\circ C$ ہے۔

**سوال 16:** **برف کے نیچے آبی حیات کس طرح زندہ رہتی ہے؟**

**جواب:** پانی کی زیادہ سے زیادہ ڈینسٹی $4^\circ C$ پر ہوتی ہے اس لیے ایسے ممالک جہاں موسم سرما میں دریا اور سمندر منجمد ہو جاتے ہیں، پانی کی یہ خوبی مچھلیوں اور دوسری آبی حیات کے زندہ رہنے کی ضامن ہے۔ پانی جیسے جیسے ٹھنڈا ہوتا جاتا ہے اس کی ڈینسٹی بڑھنا شروع ہو جاتی ہے۔ یہاں تک کہ $4^\circ C$ پر اپنی انتہا کو پہنچ جاتی ہے۔ $4^\circ C$ پر پانی بھاری ہونے کی وجہ سے تہہ میں چلا جاتا ہے۔ جبکہ ٹھنڈک میں اضافہ کے ساتھ

پانی کی اوپر کی سطح ڈینسٹی میں کمی کی وجہ سے برف میں تبدیل ہو جاتی ہے اور ڈینسٹی کم ہونے کی وجہ سے اوپر ہی رہتی ہے اس طرح پانی کی بالائی سطح کے برف میں تبدیل ہو جانے کے باوجود نیچے پانی بدستور مائع حالت میں موجود رہتا ہے اور برف کی تہہ کے نیچے پانی میں حل پذیر ہوا سمندری حیات کے سانس لینے کے کام آتی ہے۔

**سوال17:** برف پانی پر کیوں تیرتی ہے؟

**جواب:** برف کم ڈینسٹی یا ہلکی ہونے کی وجہ سے پانی کی سطح پر تیرتی رہتی ہے۔

**سوال18:** کاربن چکر یا کاربن سائیکل سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** فوٹو سنتھی سز کے عمل میں کاربن ڈائی آکسائیڈ استعمال ہوتی ہے جبکہ ریسپریشن جلنے اور گلنے سڑنے کے عمل سے کاربن ڈائی آکسائیڈ دوبارہ فضا میں واپس آجاتی ہے، اس چکر کو کاربن چکر کہا جاتا ہے۔

**سوال19:** نائٹروجن چکر کیا ہے؟

**جواب:** جانوروں اور پودوں کے گلنے سڑنے سے ان کی پروٹین امونیم کمپاؤنڈز میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ آخر کار بیکٹیریا کے عمل سے یہ کمپاؤنڈز نائٹریٹس اور نائٹروجن میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ نائٹریٹس زمین میں رہ جاتے ہیں جب کہ نائٹروجن گیس ہوا میں چلی جاتی ہے۔ فطرت میں بار بار اور مسلسل ہونے والا یہ عمل جس میں نائٹروجن جانداروں سے مٹی میں اور مٹی سے جانداروں میں منتقل ہوتی رہتی ہے نائٹروجن چکر کہلاتا ہے۔

**سوال20:** نوبل گیسیں کیا ہیں؟ مثالیں دیجیے۔

**جواب:** ایسی گیسیں جو فضا میں بہت کم مقدار میں پائی جاتی ہیں نوبل یا ریئر گیسیں کہلاتی ہیں۔ مثلاً ہیلیم، آرگان، کرپٹان وغیرہ۔

**سوال21:** کرپٹان گیس کا روزمرہ زندگی میں استعمال لکھئے۔

**جواب:** کرپٹان فلوریسنٹ روشنیوں اور فوٹوگرافی فلیش لیمپس میں استعمال ہوتی ہے۔

**سوال22:** جلنے کے عمل کی وضاحت کیجیے۔

**جواب:** جلنا ایک ایسا کیمیائی عمل ہے جس سے روشنی یا حرارت پیدا ہوتی ہے۔ اس عمل میں جلنے والا مادہ عام طور پر ہوا کی آکسیجن سے مل کر آکسائڈز بناتا ہے۔ یہ آکسائڈز پانی میں حل ہو کر ایسڈز بناتے ہیں۔

**سوال23:** آرگان اور ریڈان کے استعمالات لکھئے۔

**جواب:** آرگان بجلی کے بلبوں میں نان ری ایکٹو گیس کے طور پر اور مختلف اقسام کے فلوریسنٹ اور فوٹو ٹیوبز میں استعمال ہوتی ہے۔ ریڈان کینسر کے علاج کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

**سوال24:** گرین ہاؤس ایفیکٹ سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** گرین ہاؤس شیشے کے بنے ہوئے کمرے کو کہتے ہیں، جس میں پودے اُگائے جاتے ہیں۔ سورج سے آنے والی شعاعیں گرین ہاؤس کے اندر تو داخل ہو سکتی ہیں مگر حرارت کی لانگ ویولینگتھ والی شعاعیں باہر نہیں نکل سکتیں جس کی وجہ سے گرین ہاؤس کے اندر ٹمپریچر بڑھ جاتا ہے۔ اس عمل کو گرین ہاؤس ایفیکٹ کہتے ہیں۔

**سوال25:** ریئر گیسوں کے کوئی سے دو استعمالات لکھئے۔

**جواب:** ریئر گیسوں کے دو استعمالات درج ذیل ہیں:

1۔ کرپٹان فلوریسنٹ روشنیوں اور فوٹوگرافی فلیش لیمپس میں استعمال ہوتی ہے۔

2۔ ریڈان کینسر کے علاج کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

**سوال26:** آئیوڈین کی اہمیت بیان کیجیے۔

**جواب:** آئیوڈین کی اہمیت ذیل میں بیان کی گئی ہے:

1۔ یہ ایلیمنٹ رنگین فوٹوگرافی اور ادویات سازی میں استعمال ہوتا ہے۔

2۔ آئیوڈائڈ کا ایتھانول میں ہلکا محلول آئیوڈین ٹنکچر کہلاتا ہے جو عام طور پر جراثیم کش کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔
3۔ آئیوڈین۔131 تھائی رائڈ گلینڈز کے علاج کے لیے بھی قابل استعمال ہے۔
4۔ آئیوڈین کی خوراک میں کمی گلھڑ کا باعث بنتی ہے۔
5۔ اس کی بہت کم مقدار پودوں میں گروتھ کے عمل کو تیز کرنے کا باعث بنتی ہے۔

**سوال27:** کلورین کے دو استعمالات لکھیے۔
**جواب:** کلورین کے دو استعمالات مندرجہ ذیل ہیں:
1۔ یہ پینے والے پانی اور نہانے والے تالابوں کے پانی کو جراثیم سے پاک کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔
2۔ PVC یعنی پولی وینائل کلورائڈ کلورین کا ایک عام پلاسٹک مرکب ہے۔ اس کے بہت زیادہ استعمالات ہیں۔ خاص طور پر یہ واٹر پروف مواد بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

**سوال28:** کیلسیم کی جانداروں کے لیے اہمیت بیان کیجیے۔
**جواب:** یہ ایلیمنٹ بھی تمام جانداروں میں موجود ہوتا ہے۔ یہ سیل وال، ہڈیوں اور شیلز کا لازمی جزو ہے۔ یہ خون کے جمنے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔

**سوال29:** فاسفورس کے استعمالات لکھیے۔
**جواب:** فاسفورس سپر فاسفیٹ اور ٹرپل فاسفیٹ کی شکل میں بطور کھاد بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ فاسفورک ایسڈ اور اس کے نمکیات خوراک کی صنعت میں، ڈیٹر جینٹس بنانے میں اور بیکنگ پاؤڈر میں استعمال ہوتے ہیں۔ فاسفورس ماچس بنانے میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

**سوال30:** آئرن کے دو استعمال لکھیے۔
**جواب:** آئرن کے دو استعمال مندرجہ ذیل ہیں:
1۔ یہ انجینئرنگ میں مختلف مقاصد مثلاً کار کی باڈیز یا ریلوے لائنوں، سٹیل کے پائپ اور اوزار وغیرہ بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔
2۔ آئرن تمام جانداروں کے لیے لازمی ایلیمنٹ ہے۔ یہ ہیموگلوبن اور مائیوگلوبن میں پایا جاتا ہے جو جسم میں آکسیجن کو منتقل کرنے کا باعث ہیں۔

**سوال31:** آئیوڈین ٹنکچر کیا ہے؟
**جواب:** آئیوڈائڈ کا ایتھانول میں ہلکا محلول آئیوڈین ٹنکچر کہلاتا ہے جو عام طور پر جراثیم کش کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

**سوال32:** ٹیٹرا ایتھائل لیڈ کا استعمال لکھیے۔
**جواب:** یہ پٹرول میں اینٹی ناکنگ ایجنٹ کے طور پر کام کرتا ہے۔

**سوال33:** سوڈیم کے دو استعمالات لکھیے۔
**جواب:** سوڈیم کے دو استعمالات مندرجہ ذیل ہیں:
1۔ سوڈیم سٹریٹ لائٹنگ کے لیے سوڈیم ویپر لیمپ میں استعمال ہوتا ہے۔
2۔ یہ بہت سے اہم کمپاؤنڈز مثلاً سوڈیم پر آکسائیڈ اور سوڈیم سائیانائڈ بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

**سوال34:** فلورین کے دو استعمالات لکھیے۔
**جواب:** فلورین کے دو استعمالات مندرجہ ذیل ہیں:
1۔ کچھ فلورائڈز اور فلورین کے دوسرے مرکبات ریفریجرنٹ، بے ہوش کرنے والی ادویات اور انسولیٹر والی اشیاء بنانے میں استعمال ہوتے ہیں۔
2۔ ہائڈروفلورک ایسڈ سٹیل صاف کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

## باب نمبر 2: ہماری زندگی اور کیمیا

| سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب |
|---|---|---|---|---|---|
| 01 | A چارکول | 02 | A نائٹروجن چکر | 03 | B نائٹروجن آکسائیڈ |
| 04 | C جلنے سے | 05 | A گلہڑ | 06 | A 0.01 سے 10 فیصد |
| 07 | A کاربن | 08 | A ریسپائریشن | 09 | B ہائیڈروجن |
| 10 | A خوراک | 11 | A کاربن | 12 | A آکسیجن |
| 13 | B کیٹابولک | 14 | C اینابولک | 15 | B فوٹوسنتھی سز |
| 16 | B فوٹوسنتھی سز | 17 | D کاربن ڈائی آکسائیڈ | 18 | A گلوکوز+آکسیجن |
| 19 | C آکسیجن | 20 | C گریفائیٹ | 21 | C 3 |
| 22 | D بکی بالز | 23 | C کوک | 24 | D گریفائیٹ |
| 25 | C ایلوٹروپک | 26 | C $1300^{o}C$ | 27 | B بکی بالز |
| 28 | B چارکول | 29 | C ایتھین | 30 | B کاربن |
| 31 | A قدرتی گیس | 32 | B پانی | 33 | D $0.9990\ gcm^{-3}$ |
| 34 | B کم کثافت | 35 | A 72% | 36 | B 35لٹر |
| 37 | C $100^{o}C$ | 38 | B پانی | 39 | C 84% |
| 40 | C $4^{o}C$ | 41 | A 95% | 42 | D ریڈان |
| 43 | D 78% | 44 | B نائٹروجن | 45 | B نوبل گیسیں |
| 46 | B نیون | 47 | A 21% | 48 | A آرگان |
| 49 | C آکسیجن سے | 50 | D آرگان | 51 | A کاربن ڈائی آکسائیڈ |
| 52 | A فلورائیڈ | 53 | A تھائی رائیڈ | 54 | A 0.1% سے 0.4% |
| 55 | A آئرن | 56 | B کیلشیم | 57 | B کیلیسم |
| 58 | C PVC | 59 | A فاسفورس | 60 | A ATP |
| 61 | A پانی | | | | |

# باب نمبر 3 بائیو کیمسٹری اور بائیو ٹیکنالوجی

## (کثیر الانتخابی سوالات)

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | پلیٹ لیٹس کا کام ہوتا ہے: | منجمد خون بنانا | بیکٹیریا کو نگلنا | اینٹی باڈیز پیدا کرنا | آکسیجن کی ترسیل |
| 2 | حیاتیاتی اطلاعات منتقل کرتا ہے: | نیوکلیئس | کروموسومز | جینز | گیمیٹس |
| 3 | وہ کمپاؤنڈز جن کے ملنے سے فیٹس بنتے ہیں: | گلوکوز | پانی+کاربن ڈائی آکسائیڈ | گلیسرول+فیٹی ایسڈز | امائنو ایسڈ+پانی |
| 4 | پینسلین دریافت کی تھی: | رابرٹ براؤن | سر الیگزینڈر فلیمنگ اور سر ہاورڈ فلورے | ایڈورڈ جیز | رابرٹ ہک |
| 5 | اینٹی بائیوٹکس کی قسم سیفلو سپورنز دریافت ہوئی تھی: | 1848ء | 1948ء | 1928ء | 1998ء |
| 6 | خوراک کے ہاضمے کا حتمی عمل کہاں ہوتا ہے؟ | چھوٹی آنت | معدہ | منہ | گلا |
| 7 | اینابولزم کی مثال ہے: | آکسیڈیشن | ریسپیریشن | ری جنریشن | فوٹو سنتھی سز |
| 8 | خوراک حاصل کرنے کا سستا ترین ذریعہ ہیں: | پروٹینز | کاربوہائیڈریٹس | فیٹس | وٹامنز |
| 9 | بائیو ٹیکنالوجی کی اصطلاح متعارف کرائی گئی: | 1960ء | 1970ء | 1980ء | 1990ء |
| 10 | خوراک کے بڑے مالیکیولز کو سادہ مالیکیولز میں تبدیل کرنے کو کہتے ہیں: | ابزارپشن | اسیمیلیشن | ڈائجیشن | ریسپی ریشن |
| 11 | ایسا عمل جس سے غذا جسم کو مہیا ہوتی ہے: | میٹابولزم | ریسپائریشن | ڈائجیشن | ایکسکریشن |
| 12 | فیٹس (چکنائیاں) حاصل کرنے کے کتنے ذرائع ہیں؟ | ایک | دو | تین | چار |
| 13 | بیالوجیکل کیمیائی تعاملات کی اقسام ہیں: | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 14 | تمام جانداروں میں ہونے والے تخریبی کیمیائی تعاملات کو کہتے ہیں: | کیٹابولزم | اینابولزم | میٹابولزم | ٹرایزم |
| 15 | چھوٹی آنت میں ہضم اور جذب ہوتے ہیں: | کاربوہائیڈریٹ | فیٹس | نمکیات | گلوکوز |
| 16 | میٹابولزم کتنے اجزاء پر مشتمل ہوتا ہے؟ | 5 | 4 | 3 | 2 |
| 17 | کون سا کیمیائی عمل کیٹابولک ہے؟ | آسموسس | ٹرانسپریشن | ریسپیریشن | فوٹو سنتھی سز |
| 18 | اینابولک عوامل اور کیٹابولک عوامل کا مجموعہ ہے: | ری ڈکشن | آکسی ڈیشن | میٹابولزم | اخراج |
| 19 | سادہ شوگر کی مثال ہے: | امائنو ایسڈ | گلوکوز | گلیسرول | سبسٹریٹس |
| 20 | پروٹین کے ہضم ہونے کا عمل شروع ہوتا ہے: | منہ سے | گلے سے | معدے سے | بڑی آنت سے |
| 21 | خوراک کے اجزا کا جسم میں جذب ہو کر جزو بدن بننا کہلاتا ہے: | میٹابولزم | ڈائی جیشن | پروٹین | اسیمیلیشن |
| 22 | پروٹین کے ہاضمے کا حاصل کیا ہے؟ | امائنو ایسڈ | نیوکلیک ایسڈ | فیٹی ایسڈ | ہائیڈروکلورک ایسڈ |
| 23 | فیٹس کے حصول کا ذریعہ ہے: | پانی | معدنیات | ہوا | آئلز |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 24 | پنیر بنانے کے لیے کون سی چیز استعمال ہوتی ہے؟ | دہی | پانی | گوشت | دودھ |
| 25 | وہ اشیاء جن پر کوئی انزائم عمل کرتا ہے انہیں کہتے ہیں: | کوانزائم | سبسٹریٹ | امائنو ایسڈز | میٹابولزم |
| 26 | انزائم اپنی نیچر میں ہوتے ہیں: | لپڈز | وٹامنز | کاربوہائیڈریٹس | پروٹین |
| 27 | امائی لیز عمل کرتا ہے: | وٹامنز پر | فیٹس پر | پروٹینز پر | سٹارچ پر |
| 28 | بلڈ گروپ ABO سسٹم کے علاوہ ایک دوسرا سسٹم کون سا ہے؟ | Rh | RHO | BHO | ARh |
| 29 | خون سے اگر بلڈ سیلز الگ کر لیے جائیں تو باقی کیا کہلاتا ہے؟ | سیرم | سفید خلیے | پروٹین | پلازما |
| 30 | انسانی خون کتنے گروپس پر مشتمل ہوتا ہے؟ | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 31 | خون کے گروپس کس نے دریافت کیے؟ | تھامسن | لینڈسٹینر | مورگن | فلیمنگ |
| 32 | خون کے کس گروپ کو عالمی ڈونر کہا جاتا ہے؟ | A | O | AB | B |
| 33 | خون کے گروپس دریافت کیے گئے: | 1900ء | 1901ء | 1902ء | 1903ء |
| 34 | اس بلڈ گروپ والے لوگ عالمی وصول کنندہ کہلاتے ہیں: | A | B+ | A+ | AB |
| 35 | خون کا مائع حصہ جس میں بلڈ سیلز نہیں ہوتے وہ ہے: | ریسیپینٹ | اینٹی جن | ٹرانسجینک | پلازمہ |
| 36 | انسانی جسم میں گیسوں کی ترسیل کرتے ہیں: | ریڈ بلڈ سیلز | وائٹ بلڈ سیلز | پلیٹ لیٹس | فبرینوجن |
| 37 | AB بلڈ گروپ کے حامل افراد کہلاتے ہیں: | عالمی ڈونر | جنیٹک ڈونر | ٹرانسجینک | عالمی وصول کنندے |
| 38 | پلازمہ سے خون کو جمانے والی پروٹین فبرینوجن الگ کر لیں تو باقی رہ جاتا ہے: | ریڈ سیلز | وائٹ سیلز | سیرم | بلڈ پلیٹ لیٹس |
| 39 | بلڈ کا Rh سسٹم ـــــــ گروپوں پر مشتمل ہے۔ | 2 | 4 | 6 | 8 |
| 40 | خون کو جمانے والی پروٹین کہلاتی ہے: | پلازمہ | فبرینوجن | سیرم | بلڈ پلیٹ لیٹس |
| 41 | جینز خاص قسم کی بنانے کے لیے ہدایات دیتے ہیں: | پروٹین | گیس | چکنائی | آئیوڈین |
| 42 | ڈی این اے ـــــــ قسم کے نیوکلیوٹائیڈز پر مشتمل ہوتا ہے۔ | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 43 | کروموسومز کا حصہ ہے: | ڈی این اے | سائٹوپلازم | رائبوسوم | نیوکلیئر ممبرین |
| 44 | سیل کے اندر تمام جینز کو کہتے ہیں: | مالٹوز | فیٹی ایسڈ | جینوم | کوئی نہیں |
| 45 | وراثتی بیماری کا نام ہے: | ڈینگی فیور | ہیضہ | ہیموفیلیا | ملیریا |
| 46 | جینز کیمیائی مرکب کے بنے ہوتے ہیں: | کاربوہائیڈریٹ | ایڈی پوز | RNA | DNA |
| 47 | ایسا جاندار جو بیرونی جین وصول کرتا ہے اُسے کہتے ہیں: | جینوم | پلازمہ | ٹرانسجینک | سیرم |
| 48 | BT جین پودوں میں ـــــــ کے خلاف مدافعت پیدا کرتا ہے۔ | اینٹی بائیوٹکس | جڑی بوٹیاں | پھپھوندی | پیسٹ |
| 49 | پنسلین دریافت ہوئی: | 1918ء | 1928ء | 1938ء | 1948ء |
| 50 | پنسلین ایک فنگس سے حاصل کی جاتی ہے: | امائنو ایسڈ | نیوکلیک ایسڈ | پینسیلیئم | جینوم |
| 51 | ویکا کا مطلب ہے: | گائے | بھیڑ | بکری | کتا |

## (مختصر جوابی سوالات)

**سوال1:** بائیو ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** بائیو ٹیکنالوجی کی اصطلاح 1970ء میں متعارف کروائی گئی۔ یہ بائیولوجی کی ایسی شاخ ہے جس کی مدد سے خوردبینی جانداروں کی جنیٹک انجینئرنگ کر کے ان سے صنعتی پیمانے پر کئی ایک فائدہ مند اشیاء حاصل کی جاتی ہیں۔ مثلاً انزائمز اور ہارمونز وغیرہ۔

**سوال2:** ڈائی جیشن اور اسیمیلیشن میں فرق بیان کیجیے۔

**جواب:**

| ڈائی جیشن | اسیمیلیشن |
|---|---|
| ڈائی جیشن خوراک کے اجزا کو چھوٹے مالیکیولز میں توڑنے یا تقسیم کرنے کا عمل ہے۔ جس میں خوراک کے اجزا کو ان کی اکائیوں میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ | خوراک کے اجزا کا جسم میں جذب ہو کر جزوِبدن بننا اسیمیلیشن کہلاتا ہے۔ |

**سوال3:** ایڈی پوز ٹشوز کیا ہوتے ہیں؟

**جواب:** جانداروں کے اجسام میں موجود خاص اقسام کے ٹشوز جن میں فالتو چکنائیاں یا فیٹس ذخیرہ ہو جاتی ہیں، ایڈی پوز ٹشوز کہلاتے ہیں۔

**سوال4:** کیٹابولزم اور اینابولزم میں کیا فرق ہے؟

**جواب:**

| کیٹابولزم | اینابولزم |
|---|---|
| کیٹا بولزم ایک تخریبی کیمیائی عمل ہے جس کے نتیجے میں پیچیدہ نامیاتی کمپاؤنڈز سادہ کمپاؤنڈز میں تبدیل ہوتے ہیں۔ | اینابولزم ایک تعمیری کیمیائی عمل ہے جس کے نتیجے میں سادہ کمپاؤنڈز آپس میں جڑ کر پیچیدہ نامیاتی کمپاؤنڈز بناتے ہیں۔ |

**سوال5:** فیٹس کے دو ذرائع لکھیے۔

**جواب:** ہمیں فیٹس درج ذیل دو ذرائع سے حاصل ہوتے ہیں:

1۔ حیوانی ذریعہ: مثلاً گھی، مکھن، بالائی، چربی والا گوشت اور مچھلی کا تیل۔

2۔ نباتاتی ذریعہ: مثلاً سرسوں، زیتون، ناریل، مکئی، سویابین، بنولہ، سورج مکھی، مونگ پھلی وغیرہ۔

**سوال6:** میٹابولزم سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** تمام جانداروں مثلاً جانوروں، پودوں، فنجائی اور بیکٹیریا میں سینکڑوں کیمیائی عوامل وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ جنہیں مجموعی طور پر میٹابولزم کہا جاتا ہے۔

**سوال7:** فالتو چکنائیاں جسم میں کہاں جذب ہوتی ہیں اور کیا کام کرتی ہیں؟

**جواب:** فالتو چکنائیاں یا فیٹس جسم کے فیٹس ذخیرہ کرنے والے ٹشوز میں سٹور ہو جاتے ہیں جنہیں ایڈی پوز ٹشوز کہتے ہیں۔

**سوال8:** کاربوہائیڈریٹس حاصل کرنے کے لیے کون سی چار اشیا استعمال کی جاتی ہیں؟

**جواب:** کاربوہائیڈریٹس حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل چار اشیا استعمال کی جاتی ہیں:

1۔ چاول 2۔ گندم 3۔ مکئی 4۔ جوار

**سوال9:** روزمرہ زندگی میں انزائمز کا کردار بیان کیجیے اور اس کے استعمالات لکھیے۔

**جواب:** انزائمز کی ہماری روزمرہ زندگی میں بہت اہمیت ہے۔ انزائمز کیمیکل اور فارماسیوٹیکل انڈسٹری میں بے حد مفید ثابت ہوئے ہیں۔ یہ پنیر کی تیاری میں استعمال ہوتے ہیں۔ فوڈ پراسیسنگ کی صنعت میں انزائمز کا استعمال بہت عام ہے۔

**سوال10:** کوانزائمز کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

**جواب:** کچھ انزائمز کو کیٹالک پروسیس کی ادائیگی کے لیے بعض دوسرے کمپاؤنڈز کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان کمپاؤنڈز کو کوانزائمز کا نام دیا جاتا ہے۔ ان کی خاصیت یہ ہے کہ یہ نان پروٹین مادے ہوتے ہیں۔

**سوال 11:** سب سٹریٹ سے کیا مراد ہے؟
**جواب:** وہ اشیا جن پر کوئی انزائم عمل کرتا ہے سبسٹریٹ کہلاتی ہیں۔

**سوال 12:** خون کیا ہے؟اس سے پلازمہ کیسے حاصل کرتے ہیں؟
**جواب:** خون ایک پیچیدہ مائع ہے۔یہ پلازمہ اور بلڈ سیلز پر مشتمل ہوتا ہے۔پلازما میں خون کے ریڈ سیلز،وائٹ سیلز اور بلڈ پلیٹ لیٹس تیر رہے ہوتے ہیں۔خون سے اگر بلڈ سیلز الگ کر لیے جائیں تو باقی پلازما رہ جاتا ہے۔

**سوال 13:** سیرم کیسے حاصل کرتے ہیں؟
**جواب:** پلازما سے خون کو جمانے والی پروٹین فبرینو جن الگ کرلیں تو باقی سیرم رہ جاتا ہے۔

**سوال 14:** جسم میں خون کے دو افعال تحریر کیجیے۔
**جواب:** جسم میں خون کے دو افعال مندرجہ ذیل ہیں:
1۔خون جسم کے تمام حصوں میں انفرادی سیلز تک غذا اور آکسیجن کی ترسیل کرتا ہے۔
2۔خون جسم کے تمام حصوں سے فاضل مادہ جات کو گردوں اور جگر تک لاتا ہے۔

**سوال 15:** اینٹی جن اور اینٹی باڈیز کیا ہیں؟
**جواب:** اینٹی جن خون کے سرخ جسیموں کے اوپر موجود کیمیائی مادے ہیں جو انسان کے بلڈ گروپ کا پتہ لگاتے ہیں۔
اینٹی باڈیز ایسے اہم مالیکیولز ہیں جو ہمارا مدافعتی نظام بناتے ہیں تاکہ ہمارا جسم بیکٹیریا اور وائرس کے خلاف مقابلہ کر سکے۔اینٹی باڈیز مختلف بلڈ گروپس کے ردِ عمل کے طور پر بھی بن سکتے ہیں۔

**سوال 16:** پلازما اور سیرم میں فرق بیان کیجیے۔
**جواب:**

| پلازما | سیرم |
|---|---|
| خون سے اگر بلڈ سیلز الگ کر لیے جائیں تو باقی پلازما رہ جاتا ہے۔ | پلازما سے خون کو جمانے والی فبرینو جن الگ کرلیں تو باقی سیرم رہ جاتا ہے۔ |

**سوال 17:** خون کے عالمی وصول کنندہ کون ہوتے ہیں؟
**جواب:** AB بلڈ گروپ رکھنے والا شخص صرف اور صرف AB بلڈ گروپ رکھنے والے شخص کو خون دے سکتا ہے جبکہ ایسا شخص ہر طرح کا بلڈ عطیے میں وصول کر سکتا ہے۔کیونکہ ایسے شخص کے بلڈ میں کوئی اینٹی باڈی نہیں ہوتی۔

**سوال 18:** عالمی ڈونرز کیا ہوتے ہیں؟
**جواب:** جو شخص نہ A اینٹی جن رکھتا ہو اور نہ ہی B اینٹی جن لیکن دونوں A اور B اینٹی باڈیز کا حامل ہو تو اس کے بلڈ کا گروپ O ہو گا اور اس بلڈ گروپ کے حامل افراد عالمی ڈونرز کہلاتے ہیں۔

**سوال 19:** Rh سسٹم کی وضاحت کیجیے۔
**جواب:** بلڈ گروپ ABO سسٹم کے علاوہ بلڈ گروپ کا ایک اور نظام Rh سسٹم بھی ہے۔Rh سسٹم دو گروپوں پر مشتمل ہوتا ہے، 1۔$Rh^+$ 2۔$Rh^-$

**سوال 20:** بلڈ سیلز کے نام لکھیے۔
**جواب:** بلڈ سیلز کے نام درج ذیل ہیں:
1۔ریڈ بلڈ سیلز 2۔وائٹ بلڈ سیلز 3۔بلڈ پلیٹ لیٹس

**سوال 21:** لینڈ سٹینر نے انسانی آبادی کو کتنے گروہوں میں تقسیم کیا؟
**جواب:** لینڈ سٹینر نے 1902ء میں خون کی اقسام کے لحاظ سے آبادی کو چار بڑے گروہوں میں تقسیم کیا۔

**سوال 22:** DNA ریپلیکیشن سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ڈی این اے ڈی آکسی رائبو نیوکلیئک ایسڈ کا مخفف ہے اور یہ سیل کے نیوکلیئس میں پائے جانے والے کروموسوم کا حصہ ہے۔ ڈی این اے چار قسم کے نیوکلیوٹائیڈز پر مشتمل ہوتا ہے۔

**سوال23:** ڈی این اے کا فعل تحریر کیجیے۔

**جواب:** ڈی این اے تمام جانداروں کا ایک جزو ہے یہ ایک وراثتی مادہ ہے۔ ایک پیدا ہونے والا بچہ ڈی این اے والد، والدہ سے حاصل کرتا ہے۔ فرد کی خصوصیات مثلاً جِلد کا رنگ، قد، خدوخال وغیرہ کروموسومز (جو کہ ڈی این اے پر مشتمل ہوتے ہیں) کے ذریعے بچے میں منتقل ہوتی ہیں۔

**سوال24:** جینوم سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ایک سیل کے اندر موجود تمام جینز کو جینوم کہتے ہیں۔ انسانی جینوم میں 3.2 بلین بیس پیرز موجود ہوتے ہیں انسانی جینوم کا 99.9 فیصد نقشہ یا نیوکلیوٹائڈ کی ترتیب تیار کرلی گئی ہے۔

**سوال25:** دو وراثتی بیماریوں کے نام لکھیے۔

**جواب:** دو وراثتی بیماریاں درج ذیل ہیں:

1۔ ذیابیطس 2۔ ہیموفیلیا

**سوال26:** جینز کیا ہیں؟

**جواب:** جینز DNA میں بیسز کی خاص ترتیب سے بنتے ہیں۔

**سوال27:** جنیٹک انجینئرنگ کی تعریف کیجیے۔

**جواب:** ایسی تکنیک جس کے ذریعے ایک جاندار سے مختلف جینز دوسرے جاندار کے وراثتی مادے میں منتخب جگہ پر داخل کیے جائیں، جنیٹک انجینئرنگ کہلاتی ہے۔

**سوال28:** جینیٹک انجینئرنگ کے دو استعمالات لکھیے۔

**جواب:** جنیٹک انجینئرنگ کے دو استعمالات درج ذیل ہیں:

1۔ جنیٹک انجینئرنگ زیادہ پیداوار دینے والے پودوں اور جانوروں کو حاصل کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

2۔ جنیٹک انجینئرنگ فصل کی پیداوار میں اضافے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

**سوال29:** اینٹی بائیوٹک اور ویکسین میں کیا فرق ہے؟

**جواب:**

| اینٹی بائیوٹک | ویکسین |
|---|---|
| ایسے مرکبات جو بیکٹیریا کو ماردیں یا ان کی نشوونما روک دیں، اینٹی بائیوٹکس کہلاتے ہیں۔ پنسلین، ٹیٹرا سائیکلین اور اریتھرومائی سینز وغیرہ اینٹی بائیوٹک کی مثالیں ہیں۔ | ویکسین کی اصطلاح لاطینی لفظ ویکا سے اخذ کی گئی ہے جس کا مطلب ہے گائے۔ ویکسین پیتھوجینک مائیکروب کی ایسی تبدیل شدہ قسم ہوتی ہے جو کہ بے ضرر ہے اور انسان کے مدافعتی سسٹم کو متحرک کردیتی ہے۔ |

**سوال30:** سیفلوسپورنز کیا ہوتے ہیں؟

**جواب:** یہ پھپھوندی کی ایک قسم مینلو سپوریئم سے حاصل کی جاتی ہے اور 1948ء میں دریافت ہوئی۔ یہ ان بیکٹیریا کے خلاف مفید ہے جو پنسلین کے خلاف مدافعت پیدا کرلیتے ہیں۔

**سوال31:** پنسلین اور ٹیٹراسائیکلین میں کیا فرق ہے؟

**جواب:**

| پنسلین | ٹیٹراسائیکلین |
|---|---|
| پنسلین ایک فنگس سے حاصل کی جاتی ہے جس کا نام پینسیلیئم ہے۔ کیونکہ یہ بیکٹیریا کی محدود اقسام کے خلاف مؤثر ثابت ہوتی ہے اس لیے پنسلین نیرو سپیکٹرم اینٹی بائیوٹکس کہلاتی ہے۔ پنسلین | ٹیٹراسائیکلینز، سٹرپٹومائیسز بیکٹیریا بناتے ہیں جو کہ بیکٹیریا کی بہت سی اقسام کے خلاف استعمال ہوسکتی ہیں۔ اس لیے انہیں براڈ سپیکٹرم اینٹی بائیوٹکس کہتے ہیں۔ |

| | |
|---|---|
| 1948ء میں سر الیگزینڈر فلیمنگ اور سر ہاورڈ فلورے نے دریافت کی۔ | |

**سوال32:** ری سائیکلنگ کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔

**جواب:** استعمال شدہ بے کار مادوں سے دوبارہ نئی اور قابل استعمال چیزیں پیدا کرنا ری سائیکلنگ کہلاتا ہے۔ مثلاً روزمرہ استعمال کی بہت سی اشیاء، جیسے لوہا، شیشہ، پلاسٹک اور ربڑ وغیرہ کو دوبارہ قابل استعمال بنایا جاتا ہے۔

**سوال33:** ری سائیکلنگ کے دو فوائد تحریر کیجیے۔

**جواب:** ری سائیکلنگ کے دو فوائد مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ یہ فضلات کو کم کر کے آلودگی پر قابو پانے کا ایک اچھا طریقہ ہے۔

2۔ اس عمل سے خام مال کی کھپت کو کم کیا جا سکتا ہے۔

باب نمبر 3: بائیو کیمسٹری اور بائیو ٹیکنالوجی

| سوال نمبر | جواب | | سوال نمبر | جواب | | سوال نمبر | جواب | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 01 | A | منجمد خون بنانا | 02 | C | جینز | 03 | C | گلیسرول+فیٹی ایسڈز |
| 04 | B | سر الیگزینڈر فلیمنگ اور سر ہاورڈ فلورے | 05 | B | 1948ء | 06 | A | چھوٹی آنت |
| 07 | D | فوٹوسنتھی سز | 08 | B | کاربوہائیڈریٹس | 09 | B | 1970ء |
| 10 | C | ڈائی جیسٹن | 11 | C | ڈائی جیسٹن | 12 | B | دو |
| 13 | A | 2 | 14 | A | کیٹابولزم | 15 | B | فیٹس |
| 16 | D | 2 | 17 | C | ریسپریشن | 18 | C | میٹابولزم |
| 19 | B | گلوکوز | 20 | C | معدے سے | 21 | D | اسیمیلیشن |
| 22 | A | امائنو ایسڈ | 23 | D | آئنز | 24 | D | دودھ |
| 25 | B | سبسٹریٹ | 26 | D | پروٹین | 27 | D | سٹارچ پر |
| 28 | A | Rh | 29 | D | پلازما | 30 | C | 4 |
| 31 | B | لینڈ سٹینر | 32 | B | O | 33 | C | 1902ء |
| 34 | D | AB | 35 | D | پلازمہ | 36 | A | ریڈ بلڈ سیلز |
| 37 | D | عالمی وصول کنندے | 38 | C | سیرم | 39 | A | 2 |
| 40 | B | فبرینوجن | 41 | A | پروٹین | 42 | C | 4 |
| 43 | A | ڈی این اے | 44 | C | جینوم | 45 | C | ہیموفیلیا |
| 46 | D | RNA | 47 | C | ٹرانسجینک | 48 | D | پیسٹ |
| 49 | B | 1928ء | 50 | C | پینسیلیئم | 51 | A | گائے |

# باب نمبر 4 انسانی صحت

## (کثیر الانتخابی سوالات)

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ان میں سے جس غذائی اجزا کی سب سے کم مقدار میں جسم کو ضرورت ہے: | کاربوہائیڈریٹ | پروٹین | وٹامنز | فیٹس |
| 2 | ایک گرام فیٹس سے انرجی کی جو مقدار حاصل ہوتی ہے: | 9کلو کیلوریز | 18کلو کیلوریز | 27کلو کیلوریز | 36کلو کیلوریز |
| 3 | وہ بیماری جو وٹامن ڈی کی کمی کے باعث پیدا ہوتی ہے: | سکروی | ٹی بی | رکٹس | اینیمیا |
| 4 | وہ ہارمون جو جسم کے غیر ارادی افعال کو کنٹرول کرتا ہے: | تھائی روکسن | اپی نیفرین | ایڈرینل | انسولین |
| 5 | آئیوڈین کی کمی سے جو بیماری لاحق ہوتی ہے: | گلہڑ | نائٹ بلائنڈنس | ملیریا | کھانسی |
| 6 | پینکریاز بناتا ہے: | ایک ہارمون | دو ہارمونز | تین ہارمونز | کچھ ہارمونز |
| 7 | جانوروں کے جگر میں وٹامن پایا جاتا ہے: | سی | بی1 | بی12 | کے |
| 8 | انسانی جسم کا سب سے بڑا جزو ہے: | دودھ | آکسیجن | ہائیڈروجن | پانی |
| 9 | سیلولوز اور سٹارچ ہیں: | فیٹس | کاربوہائیڈریٹس | پروٹینز | منرلز |
| 10 | پروٹین بنتی ہے: | ہیموگلوبن سے | فائبرز سے | امائنوایسڈ سے | لپڈز سے |
| 11 | عام ٹمپریچر پر ٹھوس ہوتے ہیں: | آئلز | کلورین | آکسیجن | فیٹس |
| 12 | نائٹ بلائنڈنیس کس وٹامنز کی کمی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے؟ | C | B | A | K |
| 13 | بالغ انسان کے جسم کے وزن کا کتنے فیصد حصہ پانی پر مشتمل ہوتا ہے؟ | 40 | 50 | 60 | 70 |
| 14 | انسانی جسم کو کتنے امائنوایسڈز کی ضرورت ہوتی ہے؟ | 10 | 20 | 30 | 40 |
| 15 | سٹارچ ہے: | فیٹس | وٹامنز | کاربوہائیڈریٹس | پروٹین |
| 16 | جگر میں جمع ہونے والی کاربوہائیڈریٹ ہے: | لیکٹوز | سکروز | گلائیکوجن | فرکٹوز |
| 17 | وٹامن۔۔۔۔۔۔چربی میں حل پذیر نہیں ہے۔ | D | K | B | A |
| 18 | فیٹس عموماً کن ذرائع سے حاصل کیے جاتے ہیں؟ | کیمیائی | حیواناتی | معدنیاتی | ماخوذ مرکبات |
| 19 | تمام قدرتی غذائی اجزا کی حامل غذا ہے: | چاول | پھل | دودھ | گندم |
| 20 | وہ بیماری جو وٹامن B کی کمی سے لاحق ہوتی ہے: | سکروی | ٹی۔بی | رکٹس | بیری بیری |
| 21 | جسم میں پانی کے بعد سب سے زیادہ مقدار کس کی ہے؟ | آئل | پروٹین | امائنوایسڈ | کاربو ہائیڈریٹس |
| 22 | خون کے جمنے میں مددگار وٹامن ہے: | A | D | E | K |
| 23 | وٹامن C کی کمی سے بیماری لاحق ہوتی ہے: | نائٹ بلائنڈنیس | فوبیا | سکروی | نیوروسس |
| 24 | یہ سیل کی انرجی کا بڑا ماخذ ہے: | وٹامنز | پانی | کاربوہائیڈریٹ | آکسیجن |
| 25 | آئرن کی کمی مندرجہ ذیل بیماری کا سبب بنتی ہے: | انیمیا | بخار | کھانسی | فلو |
| 26 | کون سا وٹامن چربی میں حل پذیر ہے؟ | B | E | C | K |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 27 | روغنیات کو قسموں میں تقسیم کیا جاتا ہے: | 5 | 3 | 4 | 2 |
| 28 | کس وٹامن کی کمی اوسٹیوملیشیا کا باعث بنتی ہے؟ | A | C | D | E |
| 29 | جسم کے ٹمپریچر کو برقرار رکھتا ہے: | خوراک | ہوا | پانی | ماحول |
| 30 | آئرن حصہ ہے: | ہیموگلوبن کا | دانت کا | پلیٹ لیٹس کا | جِلد کا |
| 31 | وٹامن A کا بہت بڑا ماخذ ہے: | گوشت | سبزیاں | پھل | دودھ |
| 32 | خوراک کے بغیر زندہ رہا جاسکتا ہے: | 1 ماہ تک | 2 ماہ تک | 3 ماہ تک | 1 ہفتہ تک |
| 33 | 100 گرام کھیرے میں کتنے کلو کیلوری انرجی ہوتی ہے؟ | 9 کلو کیلوری | 11 کلو کیلوری | 14 کلو کیلوری | 20 کلو کیلوری |
| 34 | 100 گرام چاول میں انرجی کی مقدار ہوتی ہے: | 248 K. Cal | 148 K. Cal | 348 K. Cal | 448 K. Cal |
| 35 | انرجی کا یونٹ ہے: | میٹر | کیلوریز | اوہم | کلوگرام |
| 36 | ایک گرام کاربوہائیڈریٹ انرجی پیدا کر سکتا ہے: | 4.1 کلو کیلوری | 4.6 کلو کیلوری | 4.8 کلو کیلوری | 5.0 کلو کیلوری |
| 37 | فی 100 گرام گائے کے دودھ سے انرجی مہیا ہوتی ہے: | 60 کلو کیلوری | 65 کلو کیلوری | 70 کلو کیلوری | 75 کلو کیلوری |
| 38 | شیر خوار کے لیے سب سے اچھی غذا ہوتی ہے: | روٹی | گوشت | گائے کا دودھ | ماں کا دودھ |
| 39 | جنسی اعضائے تولید کہلاتے ہیں: | پینکریاز | پچوٹری گلینڈز | تھائیرائیڈ گلینڈز | گونیڈز |
| 40 | پچوٹری گلینڈ جڑا ہوتا ہے: | دماغ سے | گلے سے | معدہ سے | انتڑیوں سے |
| 41 | خون میں گلوکوز کی مقدار کو کنٹرول کرتا ہے: | ایڈرینل گلینڈ | پینکریاز | تھائی رائیڈ گلینڈ | گونیڈز |
| 42 | انسولین کی کمی سے انسان شکار ہو جاتا ہے: | ذیابیطس | بخار | گلہڑ | سکروی |
| 43 | پچوٹری گلینڈ کو کہا جاتا ہے: | ایڈرینل گلینڈ | ماسٹر گلینڈ | تھائیرائیڈ گلینڈ | اینڈوکرائن گلینڈ |
| 44 | تھائی رائیڈ گلینڈ کے علاج کے لیے استعمال ہونے والا ایلیمنٹ کون سا ہے؟ | آئیوڈین | کاپر | آئرن | سلفر |
| 45 | پینکریاز ہارمون بناتا ہے: | تھائی راکسن | انسولین | ایڈرینالین | ایسٹروجن |
| 46 | مردانہ اعضائے تولید کو کہتے ہیں: | گونیڈز | ٹیسٹیز | اووری | گلینڈ |
| 47 | یہ دو قسم کے ہارمون بناتا ہے: | پچوٹری گلینڈ | ایڈرینل گلینڈ | گونیڈز | تھائی رائیڈ گلینڈ |
| 48 | بغیر ڈکٹس کے گلینڈ سسٹم ہے: | ریسپیریٹری سسٹم | ایکسکریٹری سسٹم | سرکولیٹری سسٹم | اینڈوکرائن سسٹم |
| 49 | ------بلڈ شوگر کو بڑھاتا ہے۔ | انسولین | گلوکاگون | فیٹس | پروٹین |
| 50 | پینکریاز ہارمون بناتا ہے: | چار | تین | دو | ایک |
| 51 | گلوکاگون بنانے کا ذمہ دار ہے: | پینکریاز | جگر | ایڈرینل گلینڈ | گونیڈز |
| 52 | ابتدائی بچپن کا مرحلہ کتنے عرصہ پر محیط ہوتا ہے؟ | 2-6 سال | 6-12 سال | 12-16 سال | 16-19 سال |
| 53 | بڑھاپے کا عمل کس پر گہرا اثر ڈالتا ہے؟ | برین | گردوں | جگر | ویسلز |
| 54 | شیر خوارگی کا عرصہ کتنی عمر تک ہوتا ہے؟ | چھ ماہ | ایک سال | دو سال | تین سال |
| 55 | جسم میں رُونما ہونے والی منفی تبدیلیوں کے عمل کو کہتے ہیں: | پیوبرٹی | شیر خوارگی | **ایجنگ** | نوبلوغت |
| 56 | کتے اور بلی کے کاٹنے سے کون سی بیماری لاحق ہو سکتی ہے؟ | ٹی۔بی | ہیضہ | فلو | ریبیز |

## (مختصر جوابی سوالات)

**سوال1:** غذا کے بنیادی اجزا کون کون سے ہیں؟

**جواب:** کاربوہائیڈریٹس، پروٹینز، لپڈز، وٹامنز، منرل سالٹس اور پانی غذا کے بنیادی اجزا ہیں۔

**سوال2:** وٹامن B کا جسم میں کیا کردار ہے؟

**جواب:** وٹامن B کی قسم وٹامن $B_1$ کی جسم میں مناسب مقدار نہ ہونے سے عضلات کی کمزوری کی بیماری پیدا ہو جاتی ہے جو بیری بیری کہلاتی ہے۔ $B_2$ کی کمی سے خون کی کمی واقع ہو جاتی ہے۔ $B_2$ ہاضمے اور نروس سسٹم کے لیے بہت ضروری ہے۔ ہیموگلوبن بنانے میں مدد دیتا ہے۔ اس کی کمی سے بچوں کی نشوونما متاثر ہوتی ہے۔

**سوال3:** انسانی جسم میں آئرن کا کیا کردار ہے؟

**جواب:** انسانی جسم میں آئرن کی کمی سے خون کی کمی کی بیماری یعنی انیمیا ہو جاتی ہے۔

**سوال4:** کتے یا بلی کے کاٹنے سے کون سی بیماریاں پیدا ہونے کا خدشہ ہے؟

**جواب:** کتے یا بلی کے کاٹنے سے ریبیز اور ٹیٹنس کی بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہوتا ہے۔

**سوال5:** انسولین کا جسم میں کیا کردار ہے؟

**جواب:** انسولین خون میں گلوکوز کی مقدار کو کم کرتا ہے اور اُسے مقررہ حد تک لانے میں مدد دیتا ہے۔

**سوال6:** فیٹس انسانی جسم کو کیا فائدے دیتے ہیں؟

**جواب:** فیٹس انسانی جسم کو درج ذیل فوائد پہنچاتے ہیں:

1۔ فیٹس ہمارے جسم کو انرجی فراہم کرتے ہیں۔

2۔ کاربوہائیڈریٹس اور پروٹین کی نسبت ان میں زیادہ انرجی موجود ہوتی ہے۔

**سوال7:** وٹامن C کی کمی سے کون سی بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں؟

**جواب:** وٹامن C کی کمی کا شکار انسان سکروی کے مرض میں مبتلا ہو جاتا ہے جس میں مسوڑھے خراب ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس وٹامن کی کمی سے جریانِ خون، طبیعت کا چڑچڑا پن، اعضا کا درد اور امراضِ قلب بھی لاحق ہو سکتے ہیں۔

**سوال8:** وٹامن D کن چیزوں سے حاصل ہوتا ہے؟ اس کی کمی سے پیدا ہونے والی دو بیماریوں کے نام لکھیے۔

**جواب:** وٹامن D حاصل کرنے کا سب سے بہترین ذریعہ سورج کی روشنی ہے۔ انسانی جلد سورج کی روشنی میں وٹامن D خود بناتی ہے۔ اس کے علاوہ وٹامن D مچھلی کے جگر کے تیل، دودھ، مکھن، کریم اور انڈے کی زردی سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس کی کمی سے پیدا ہونے والی بیماریاں درج ذیل ہیں:

1۔ رکٹس 2۔ اوسٹیوملیشیا

**سوال9:** انسانی جسم میں کیلشیم اور آئرن کا کردار تحریر کیجیے۔

**جواب:** کیلشیم: یہ خون کے جمنے، پیغامات کی ترسیل، ہڈیوں کے بنانے اور مسلز کے پھیلنے اور سکڑنے میں مدد دیتا ہے۔

آئرن: یہ ہیموگلوبن کا حصہ ہے جو آکسیجن کو جسم کے اندر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتی ہے۔ آئرن کی کمی سے خون کی کمی کی بیماری یعنی انیمیا ہو جاتی ہے۔

**سوال10:** وٹامن K کا ہمارے جسم میں کیا کردار ہے؟

**جواب:** وٹامن K خون کو جمنے میں مدد دیتا ہے۔ اس وٹامن کی کمی کے باعث خون میں جمنے کی صلاحیت کم ہو جاتی ہے۔ اس وٹامن کو پالک اور دوسری ہرے پتوں والی سبزیوں سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

**سوال11:** چار کاربوہائیڈریٹس کے نام لکھیے۔

**جواب:** چار کاربوہائیڈریٹس درج ذیل ہیں:

1۔ گندم 2۔ چاول 3۔ دالیں 4۔ گنا

**سوال 12:** وٹامن بی کمپلیکس میں شامل وٹامنز کے نام لکھئے۔
**جواب:** وٹامن بی کمپاؤنڈز کے مجموعے کا نام ہے جس میں $B_1$، $B_2$، $B_6$ اور $B_{12}$ شامل ہیں۔اسی لیے اسے وٹامن بی کمپلیکس بھی کہا جاتا ہے۔

**سوال 13:** رکٹس اور اوسٹیو ملیشیا میں فرق بیان کیجیے۔
**جواب:** دونوں بیماریوں میں فرق یہ ہے کہ رکٹس کی بیماری بچپن میں اور اوسٹیو ملیشیا کی بیماری بالغ عمری میں ہوتی ہے۔

**سوال 14:** نائٹ بلائنڈنیس کیا ہے؟ یہ کس وجہ سے ہوتی ہے؟
**جواب:** وٹامن اے کی کمی سے ایک بہت بڑی بیماری ہو جاتی ہے جسے نائٹ بلائنڈنیس کہتے ہیں۔

**سوال 15:** وٹامن کیا ہوتے ہیں؟ دو مثالیں بھی دیجیے۔
**جواب:** وٹامنز ایسے آرگینک مادے ہیں جن کی انسانی جسم کو بہت قلیل مقدار میں ضرورت ہوتی ہے، مثلاً وٹامن A اور وٹامن B۔

**سوال 16:** پانی میں حل پذیر وٹامنز کے نام لکھئے۔
**جواب:** وٹامن B اور وٹامن C پانی میں حل پذیر ہیں۔

**سوال 17:** وٹامن A کے ذرائع لکھئے۔
**جواب:** وٹامن A کا بہت بڑا ماخذ سبزیاں ہیں جن میں گاجر، پالک، مٹر، بند گوبھی اور ٹماٹر جیسی سبزیوں کے نام سر فہرست ہیں۔اس کے علاوہ وٹامن A گیہوں، مکئی، کریم، مکھن، مچھلی کے جگر کے تیل، تربوز اور جانوروں کی کلیجی میں بھی موجود ہوتا ہے۔

**سوال 18:** پروٹینز کا جانداروں میں کیا کردار ہے؟
**جواب:** یہ سیلز اور ٹشوز کی ساخت کو تعمیر اور سہارا مہیا کرتی ہے۔یہ جسم کی نشوونما اور توڑ پھوڑ کے لیے بھی اہم ہوتی ہے۔

**سوال 19:** پروٹینز کے دو ذرائع تحریر کیجیے۔
**جواب:**
1۔حیواناتی ذرائع: گوشت، انڈا، دہی اور دودھ وغیرہ پروٹینز کے حیوانی ذرائع ہیں۔
2۔نباتاتی ذرائع: گندم، مٹر، دالیں اور لوبیا پروٹین کے نباتاتی ذرائع ہیں۔

**سوال 20:** وٹامن $B_2$ اور $B_{12}$ کے کون کون سے ذرائع ہیں؟
**جواب:** وٹامن $B_2$ کو کریم، مکھن، انڈوں اور دودھ سے بھرپور غذا سے حاصل کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ یہ کلیجی، دل اور گردوں میں بھی کافی مقدار میں پایا جاتا ہے۔گوشت، پالک اور گیہوں میں بھی ملتا ہے۔
وٹامن $B_{12}$ دودھ، انڈوں اور جانوروں کے جگر سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

**سوال 21:** وٹامن K کے ذرائع بیان کیجیے۔
**جواب:** وٹامن K کو پالک اور دوسری سبز پتے والی سبزیوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ گوشت میں بھی معمولی مقدار میں پایا جاتا ہے۔

**سوال 22:** پانی کے دو استعمالات لکھئے۔
**جواب:** پانی کے دو استعمالات درج ذیل ہیں:
1۔پانی ہماری غذا کو ہضم کرنے میں استعمال ہوتا ہے۔ 2۔پانی صنعتوں میں استعمال ہوتا ہے۔

**سوال 23:** وٹامن C کے دو ماخذ لکھئے۔
**جواب:** وٹامن C کے دو ماخذ یہ ہیں:
1۔پھل مثلاً مالٹا، سنگترہ وغیرہ 2۔سبزیاں مثلاً ہری مرچ، ٹماٹر وغیرہ۔

**سوال 24:** انرجی کی تعریف کیجیے۔اس کی اکائی بیان کیجیے۔
**جواب:** کسی جسم میں ورک (کام) کرنے کی صلاحیت کو انرجی کہتے ہیں چونکہ ورک کا یونٹ جول ہے لہٰذا انرجی کا یونٹ بھی جول ہے۔

**سوال 25:** متوازن غذا سے کیا مراد ہے؟
**جواب:** ایسی غذا جس میں متناسب مقدار میں تمام غذائی اجزاء موجود ہوں، متوازن غذا کہلاتی ہے۔متوازن غذا ہر انسان کی کیلورک ضرورت کے

مطابق ہوتی ہے۔

**سوال26:** شیر خوار بچوں کی غذا کیا ہونی چاہیے؟

**جواب:** شیر خوار بچوں کے لیے سب سے اچھی غذا ماں کا دودھ ہے لیکن اگر کسی وجہ سے ماں کا دودھ نہ دیا جا سکے تو گائے یا بھینس کا دودھ استعمال کیا جا سکتا ہے۔اس کے لیے ضروری ہے کہ اس میں دو حصے پانی ملایا جائے۔

**سوال27:** ہمارے جسم میں اینڈو کرائن گلینڈز کون کون سے ہیں؟

**جواب:** انسانی جسم میں پائے جانے والے اینڈو کرائن گلینڈز مندرجہ ذیل ہیں:

1۔پچوٹری گلینڈ 2۔تھائی رائڈ گلینڈ 3۔ایڈرینل گلینڈ 4۔پینکریاز 5۔گونیڈز

**سوال28:** انسولین اور گلوکاگون کیا کام کرتے ہیں؟

**جواب:** انسولین ہارمون خون میں گلوکوز کی مقدار کو کم کرتا ہے اور اسے مقررہ حد تک لانے میں مدد دیتا ہے۔

گلوکاگون اس کے برعکس عمل کرتا ہے۔یہ خون میں گلوکوز کی مقدار کو بڑھاتا ہے اور اسے مقررہ حد تک لاتا ہے۔

**سوال29:** گونیڈز سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** بنیادی اعضائے تولید کو گونیڈز کہتے ہیں۔یہ نر اور مادہ میں مختلف ہوتے ہیں۔نر اعضائے تولید کو ٹیسٹیز کہتے ہیں اور مادہ اعضائے تولید کو اوور یز کہتے ہیں۔

**سوال30:** ہارمونز کی تعریف کیجیے۔

**جواب:** ایسے کیمیائی پیغام رساں جو ڈکٹ لیس (بغیر نالی کے) گلینڈز سے خارج ہوتے ہیں اور اپنی تالیف کی جگہ سے کارکردگی کی جگہ تک خون کے ذریعے پہنچتے ہیں اور مختلف جسمانی افعال کے درمیان رابطہ قائم کرتے ہیں،ہارمونز کہلاتے ہیں۔

**سوال31:** تھائی رائیڈ گلینڈ پر مختصر نوٹ لکھئے۔

**جواب:** تھائی رائیڈ گلینڈ گردن میں اگلی جانب واقع ہوتا ہے۔تھائی رائیڈ گلینڈ دو قسم کے ہارمون بناتا ہے۔دونوں ہارمونز آئیوڈین کی موجودگی میں خارج ہوتے ہیں۔

**سوال32:** پچوٹری گلینڈ کو ماسٹر گلینڈ کیوں کہا جاتا ہے؟

**جواب:** یہ گلینڈ دماغ کے ایک حصے سے جڑا ہوتا ہے۔یہ تمام گلینڈز کے افعال کو کنٹرول کرتا ہے۔اس لیے اسے ماسٹر گلینڈ کہا جاتا ہے۔

**سوال33:** ایڈرینل گلینڈ کے افعال بیان کیجیے۔

**جواب:** ایڈرینل گلینڈ کے افعال ذیل میں بیان کیے جاتے ہیں:

1۔یہ خون میں گلوکوز کی مقدار کو کنٹرول کرتے ہیں۔

2۔جسم کے غیر ارادی افعال کو کنٹرول کرتے ہیں اور انسان کو حادثاتی طور پر پیش آنے والے واقعات کے لیے تیار کرتے ہیں مثلاً غصہ ، خوف، لڑائی، جھگڑا اور غم وغیرہ جس دوران دل کی دھڑکن بڑھ جاتی ہے اور میٹابولزم کی رفتار تیز ہو جاتی ہے۔

**سوال34:** ایجنگ سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** جسم میں رونما ہونے والی منفی تبدیلیوں کے عمل کو ایجنگ کہتے ہیں۔

**سوال35:** انسانی زندگی کے چار مراحل کے نام لکھئے۔

**جواب:** انسانی زندگی کے چار مراحل درج ذیل ہیں:

1۔شیر خوارگی 2۔بچپن 3۔نوجوانی 4۔بڑھاپا

**سوال36:** شیر خوارگی پر نوٹ لکھئے۔

**جواب:** یہ عرصہ بچوں میں ان کی زندگی کے پہلے دو سالوں پر محیط ہے۔بچے کی جسمانی اور جذباتی نشوونما اس مرحلہ کی اہم خصوصیت ہے۔اپنی زندگی کے ان پہلے چوبیس ماہ میں ایک اوسط بچہ کافی وزن حاصل کر لیتا ہے۔اسی عرصہ میں اس کے دانت نکل آتے ہیں۔بچہ چلنا اور بولنا شروع کر دیتا

ہے۔ صرف تین ماہ میں ہی وہ رنگ اور شکل میں تمیز کرنا شروع کر دیتا ہے۔ بچہ اپنے ہاتھ پیروں کو حرکت بھی دیتا ہے۔ ذرا بڑے ہوں تو ہاتھوں اور گھٹنوں کے بل پر رینگتے ہیں اور پھر چلنا شروع کر دیتے ہیں۔ ایک اوسط بچہ عموماً 13 سے 15 ماہ کی عمر میں چلنا شروع کر دیتا ہے۔

**سوال 37:** <u>ورزش کے دو فوائد بیان کیجیے۔</u>

**جواب:** ورزش کے دو فوائد مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ ورزش جسم کی لچک کو برقرار رکھتی ہے اور اس لچک کی وجہ سے پٹھے اور جوڑ کھنچاؤ سے محفوظ رہتے ہیں۔

2۔ جب پٹھے مضبوط ہوں تو انسان زیادہ زور والے کام سرانجام دے سکتا ہے۔

**سوال 38:** <u>فرسٹ ایڈ کی تعریف کیجیے۔</u>

**جواب:** فرسٹ ایڈ ایسی مدد ہے جو کسی مریض کو حادثے کی صورت میں ہسپتال پہنچانے سے پہلے دی جاتی ہے۔

باب نمبر 4: انسانی صحت

| سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب |
|---|---|---|---|---|---|
| 01 | C وٹامنز | 02 | A 9 کلو کیلوریز | 03 | C رکٹس |
| 04 | C ایڈرینل | 05 | A گلہڑ | 06 | B دوہارمونز |
| 07 | C بی12 | 08 | D پانی | 09 | B کاربوہائیڈریٹس |
| 10 | C امائنو ایسڈ سے | 11 | D فیٹس | 12 | C A |
| 13 | C 60 | 14 | B 20 | 15 | C کاربوہائیڈریٹس |
| 16 | C گلائیکوجن | 17 | C B | 18 | B حیواناتی |
| 19 | C دودھ | 20 | D بیری بیری | 21 | B پروٹین |
| 22 | D K | 23 | C سکروی | 24 | C کاربوہائیڈریٹ |
| 25 | A انیمیا | 26 | B E | 27 | D 2 |
| 28 | C D | 29 | C پانی | 30 | A ہیموگلوبن کا |
| 31 | B سبزیاں | 32 | A 1 ماہ تک | 33 | C 14 کلو کیلوری |
| 34 | C 348 K. Cal | 35 | B کیلوریز | 36 | A 4.1 کلو کیلوری |
| 37 | B 65 کلو کیلوری | 38 | D ماں کا دودھ | 39 | D گونیڈز |
| 40 | A دماغ سے | 41 | A ایڈرینل گلینڈ | 42 | A ذیابیطس |
| 43 | B ماسٹر گلینڈ | 44 | A آئیوڈین | 45 | B انسولین |
| 46 | B ٹیسٹیز | 47 | D تھائی رائیڈ گلینڈ | 48 | D اینڈوکرائن سسٹم |
| 49 | B گلوکاگون | 50 | C دو | 51 | A پینکریاز |
| 52 | A 2-6 سال | 53 | D ویسلز | 54 | C دو سال |
| 55 | C ایجنگ | 56 | D ریسیپٹرز | | |

# باب نمبر 5 بیماریاں، وجوہات اور بچاؤ

## (کثیر الانتخابی سوالات)

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | خسرہ کا ٹیکہ بچوں میں کس عمر میں لگتا ہے؟ | پیدائش پر | 1ماہ | 3ماہ | 9ماہ |
| 2 | وہ مشروبات جو ہیپاٹائٹس میں زیادہ استعمال کیے جاسکتے ہیں: | پانی | جوس | گنے کارس | تمام |
| 3 | بی سی جی کا پہلا ٹیکہ بچوں کو جس عمر میں لگایا جاتا ہے: | 1ماہ | پیدائش | 3ماہ | 9ماہ |
| 4 | وہ بیماری جس سے بی سی جی بچوں کو بچاتا ہے: | خسرہ | وہوپنگ کف | تپ دق | یرقان |
| 5 | وہ بیماری جس کے خلاف ڈی پی ٹی کا انجیکشن مؤثر نہیں وہ ہے: | ڈفتھیریا | پولیو | وہوپنگ کف | ٹیٹنس |
| 6 | وہ کیمیکل جو سگریٹ کے دھوئیں میں موجود ہے اور سگریٹ کا عادی بناتا ہے: | ٹار | نکوٹین | کاربن مونو آکسائیڈ | نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ |
| 7 | پودوں کی طرح ہیں: | فنجائی | الجی | بیکٹیریا | وائرس |
| 8 | کون سی بیماری دو سال سے کم عمر بچوں میں عام ہے؟ | خسرہ | کالی کھانسی | ٹی بی | پولیو |
| 9 | وہ بیماری جس کی علامات میں جگر کی سوزش ہے: | خسرہ | ایڈز | ہیپاٹائٹس | انفلوئنزا |
| 10 | ٹائیفائیڈ کے جراثیم کہاں پر تیزی سے بڑھتے ہیں؟ | پانی میں | دودھ میں | شہد میں | روٹی میں |
| 11 | راؤنڈ ورم انسانی جسم میں کہاں رہتا ہے؟ | چھوٹی آنت | منہ | جگر | بڑی آنت |
| 12 | بچے کو کتنی عمر تک پولیو ویکسین پلانی چاہیے؟ | دو سال | تین سال | چار سال | پانچ سال |
| 13 | فلو کے وائرس کی کتنی اقسام ہیں؟ | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 14 | ایڈز کے وائرس کو کہتے ہیں: | HAV | HIV | HBV | HCV |
| 15 | ہیپاٹائٹس بی کے وائرس کا نام ہے: | HAV | HIV | HBV | وائرسC |
| 16 | بیکٹیریا سے پیدا ہونے والی بیماری ہے: | سمال پوکس | پولیو | خسرہ | ٹائیفائیڈ |
| 17 | کون سی بیماری جسم کے مدافعتی نظام کو تباہ کرتی ہے؟ | پولیو | فلو | خسرہ | ایڈز |
| 18 | کلوروکوئنن بیماری کے علاج کے لیے استعمال ہوتی ہے: | ٹی۔بی | ٹائیفائیڈ | ملیریا | کالرا |
| 19 | پاکستان میں ہر دس میں سے ایک شخص کیریئر ہے: | ایچ آئی وی | ہیپاٹائٹسC | ہیپاٹائٹسB | ہیپاٹائٹسA |
| 20 | پولیو کی بیماری پھیلتی ہے: | بیکٹیریا سے | وائرس سے | فنجائی سے | الجی سے |
| 21 | تھریڈ ورم کی لمبائی ہوتی ہے: | 1cm | 3cm | 5cm | 6cm |
| 22 | نروسیل کو۔۔۔۔کا وائرس تباہ کر دیتا ہے۔ | سمال پوکس | نزلہ | کھانسی | پولیو |
| 23 | کون سی بیماری کے تین قسم کے وائرس ہوتے ہیں؟ | فلو | پولیو | ایڈز | سمال پوکس |
| 24 | فنجائی سے لگنے والی بیماری ہے: | تھریڈ ورم | ملیریا | رنگ ورم | کالرا |
| 25 | ہیپاٹائٹسA کے وائرس کا نام ہے: | HIV | HBV | HVA | HAV |
| 26 | ایک سال سے کم عمر بچوں میں بہت خطرناک بیماری ہے: | ٹیٹنس | وہوپنگ کف | رنگ ورم | سمال پوکس |
| 27 | ڈی۔پی۔ٹی کا ٹیکہ کس بیماری سے بچاتا ہے؟ | ٹیٹنس | بخار | فلو | ٹی۔بی |
| 28 | وائرس سے پیدا ہونے والی بیماری ہے: | سمال پوکس | کالرا | ٹیٹنس | ملیریا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 29 | پولیو وائرس کا حملہ کس پر ہوتا ہے؟ | نظام انہضام | عصبی نظام | نظام تولید | نظام تنفس |
| 30 | ایک اچانک لگنے والی بیماری ہے: | کالرا | ٹیٹنس | ٹائیفائیڈ | ہیپاٹائٹس |
| 31 | انفلوئنزا کے وائرس کی اقسام ہیں: | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 32 | وائرس کی وجہ سے بیماری ہوتی ہے: | ہیضہ | ٹی۔بی | ایڈز | ٹیٹنس |
| 33 | انسان میں ملیریا کی وجہ ہے: | ڈینگی | مادہ اینوفلیز | کیولکس | بیکٹیریا |
| 34 | خون دینے سے پہلے ٹیسٹ کرواتے ہیں: | HIV | یورین ٹیسٹ | الٹراساؤنڈ | ECG |
| 35 | ہیپاٹائٹس C کس سال کی عمر کے لوگوں میں زیادہ ہوتا ہے: | 20-39سال | 25-40 سال | 28-42سال | 30-40سال |
| 36 | کوپلکس سپاٹ نمودار ہونے کی وجہ ہے: | پولیو | خسرہ | کالرا | فلو |
| 37 | بیکٹیریا گلے اور ناک کی جھلیوں پر حملے کرتے ہیں اور سوزش پیدا کر دیتے ہیں: | ٹیٹنس | ٹائیفائیڈ | ڈفتھیریا | کالرا |
| 38 | ڈینگی بخار کی وجہ ہے: | وائرس | بیکٹیریا | فنجائی | جراثیم |
| 39 | انفلوئنزا کی خطرناک قسم ہے: | قسمA | قسمC | قسمD | قسمE |
| 40 | تھریڈ ورمز کا رنگ ہوتا ہے: | نیلا | گلابی | سفید | کالا |
| 41 | وہ بیماری جو گول دائرے کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے: | کالرا | ڈفتھیریا | رنگ ورم | ملیریا |
| 42 | ملیریا کا علاج ہے: | ڈسپرین | کلوروکوئن | بروفن | ٹولین |
| 43 | اس مرض کی کوئی ویکسین نہ ہے: | ہیپاٹائٹس A | ہیپاٹائٹس B | ہیپاٹائٹس C | پولیو |
| 44 | اس بیماری کے جراثیم گرد، جانوروں اور انسانوں کے فضلے میں ہوتے ہیں: | ایڈز | پولیو | خسرہ | ٹیٹنس |
| 45 | بیکٹیریا سے پیدا ہونے والی بیماری ہے: | ایڈز | ٹی۔بی | سال پوکس | پولیو |
| 46 | لاک جا بیماری ہے: | ٹیٹنس | ڈپریشن | فوبیا | نیوروسس |
| 47 | سال پوکس مرض کی وجہ ہے: | بیکٹیریا | وائرس | فنگس | ورمز |
| 48 | ہیپاٹائٹس پھیلتا ہے: | بیکٹیریا سے | وائرس سے | فنگس سے | اسکیرس |
| 49 | ٹی۔بی بیماری ہے: | خون کی | پھیپھڑوں کی | جِلد کی | آنکھوں کی |
| 50 | راؤنڈ ورم کی مثال ہے: | تھریڈ ورم | ٹیپ ورم | اسکیرس | رنگ ورم |
| 51 | ہوا سے پھیلنے والی بیماری ہے: | ریبیز | نیوروسس | خسرہ | ایڈز |
| 52 | خوراک کو سٹرلائز کرنے کے لیے کس ٹمپریچر تک گرم کرتے ہیں؟ | 145°C | 148.9°C | 160°C | 170°C |
| 53 | دنیا کی کتنی آبادی پینے کے صاف پانی سے محروم ہے؟ | ایک تہائی | 40% | آدھی | 70% |
| 54 | معاشرے کو تمباکو نوشی سے پاک کرنا کس کا فرض ہے؟ | حکومت کا | وزیر صحت کا | ہم سب کا | نوجوانوں کا |
| 55 | وہ کیمیکل جو سگریٹ کے دھوئیں میں موجود نہیں ہے؟ | ٹار | نکوٹین | کاربن مونو آکسائیڈ | نائٹروجن ڈائی آکسائڈ |
| 56 | برونکائٹس اور ایمفی سیما جیسی بیماریاں ہوتی ہیں بہت زیادہ: | سونے سے | شراب نوشی سے | مصالحے دار کھانے سے | سگریٹ نوشی سے |
| 57 | ـــــــ پھیپھڑوں کی بیماری ہے۔ | سائنیوسس | برونکائٹس | نیوروسس | ڈیلیریم |
| 58 | پھیپھڑوں کے سرطان کا باعث بننے والا مادہ ہے: | نکوٹین | ٹار | کاربن مونو آکسائیڈ | نائٹروجن ڈائی آکسائڈ |
| 59 | ایمفی سیما کس کی بیماری ہے؟ | پھیپھڑے | دِل | جِلد | دماغ |
| 60 | سگریٹ میں موجود لیس دار چپکنے والا مادہ ہے: | نکوٹین | نائٹروجن ڈائی | نائٹروجن پر | ٹار |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | آکسائڈ | آکسائیڈ | |
| 61 | سائیکوسس اور نیوروسس بیماریاں ہیں: | دِل کی | معدہ کی | جگر کی | دماغی |
| 62 | بے جا اور نامناسب ڈر یا خوف کہلاتا ہے: | ڈیلیریم | ہسٹریا | ڈپریشن | فوبیا |
| 63 | نروس بریک ڈاؤن کی بڑی وجہ کیا ہے؟ | بخار | کھانسی | فلو | ڈپریشن |
| 64 | دماغی بیماری ہے: | ہیضہ | ڈفتھیریا | ٹائیفائیڈ | ڈیلیریم |
| 65 | فوبیا بیماری ہے: | جلد کی | پھیپھڑوں کی | دل کی | دماغ کی |
| 66 | ایسی ادویات جو درد کم کرتی ہیں: | جنرل میڈیسن | پین کلرز | سیڈیٹوز | نارکوٹکس |
| 67 | ڈائی زیپام اور لوراز یپام مثالیں ہیں: | نارکوٹکس کی | پین کلرز کی | سیڈیٹوز کی | ہیلوسینوجینز کی |
| 68 | نارکوٹکس کی مثال ہے: | ایسپیرین | ڈرگ | مورفین | بروفن |
| 69 | ایسی ادویات جو ذہن میں بگاڑ پیدا کرتی ہیں: | پین کلرز | نارکوٹکس | سیڈیٹوز | ہیلوسینوجینز |
| 70 | اوپیئم اور مورفین اہم مثالیں ہیں: | پین کلرز | سیڈیٹوز | نارکوٹکس | یہ تمام |
| 71 | یہ دوائی پین کلر کے طور پر استعمال کی جاتی ہے: | اوپیم | مورفین | اسپرین | سلفر |

## باب نمبر 5: بیماریاں، وجوہات اور بچاؤ

| سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب |
|---|---|---|---|---|---|
| 01 | D 9ماہ | 02 | D تمام | 03 | D 9ماہ |
| 04 | C تپ دق | 05 | B پولیو | 06 | B نکوٹین |
| 07 | B الجی | 08 | D پولیو | 09 | C ہیپاٹائٹس |
| 10 | B دودھ میں | 11 | A چھوٹی آنت | 12 | D پانچ سال |
| 13 | C 3 | 14 | B HIV | 15 | C HBV |
| 16 | D ٹائیفائیڈ | 17 | D ایڈز | 18 | C ملیریا |
| 19 | C ہیپاٹائٹس B | 20 | B وائرس سے | 21 | A 1cm |
| 22 | D پولیو | 23 | A فلو | 24 | C رنگ ورم |
| 25 | D HAV | 26 | B وہوپنگ کف | 27 | A ٹیٹنس |
| 28 | A سمال پوکس | 29 | B عصبی نظام | 30 | B ٹیٹنس |
| 31 | A 3 | 32 | C ایڈز | 33 | B مادہ اینوفلیز |
| 34 | A HIV | 35 | D ٹائیفائیڈ | 36 | A 20-39سال |
| 37 | B خسرہ | 38 | C ڈفتھیریا | 39 | A وائرس |
| 40 | A قسم A | 41 | C سفید | 42 | C رنگ ورم |
| 43 | B کلوروکوئن | 44 | A ہیپاٹائٹس A | 45 | D ٹیٹنس |
| 46 | B ٹی۔بی | 47 | A ٹیٹنس | 48 | B وائرس |
| 49 | B وائرس سے | 50 | B پھیپھڑوں کی | 51 | C اسکیرس |
| 52 | C خسرہ | 53 | B 148.9°C | 54 | D 70% |
| 55 | C ہم سب کا | 56 | D نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ | 57 | D سگریٹ نوشی سے |
| 58 | B برونکائٹس | 59 | B ٹار | 60 | A پھیپھڑے |
| 61 | D ٹار | 62 | D دماغی | 63 | D فوبیا |
| 64 | D ڈپریشن | 65 | D ڈیلیریم | 66 | D دماغ کی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 67 | B | پین کلرز | 68 | C | سیڈیٹوز کی |
| 69 | C | مورفین | 70 | D | ہیلوسینوجینز |
| 71 | C | نارکوٹکس | 72 | C | اسپرین |

## (مختصر جوابی سوالات)

**سوال 1:** فنگل انفیکشن کیا ہوتے ہیں؟ فنگل انفیکشن سے بچاؤ کے اقدامات کیا ہیں؟

**جواب:** فنگل انفیکشن جِلد کے کسی بھی حصے کو متاثر کر سکتی ہے۔ فنگل انفیکشن سے بچاؤ کے لیے درج ذیل اقدامات ہیں:

1۔ فنگل انفیکشن سے متاثرہ شخص کو دوسرے صحت مند شخص کے ساتھ مت رکھیں۔

2۔ ایک دوسرے کے کنگھے اور تولیے کا استعمال نہ کریں۔

3۔ متاثرہ شخص کا فوری علاج کروائیں۔ 4۔ متاثرہ حصے کو روز صابن اور پانی سے دھوئیں۔

5۔ متاثرہ حصے کو خشک رکھیں۔ 6۔ جرابیں اکثر تبدیل کریں خصوصاً جب ان میں پسینہ آئے۔

**سوال 2:** ٹار سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ٹار ایک لیس دار چپکنے والا مادہ ہے۔ سگریٹ پینے والوں کے پھیپھڑوں کے خلیوں کے ارد گرد جمع ہوتا رہتا ہے جس سے پھیپھڑوں کے کام کرنے کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے۔ ٹار ایک ایسا مادہ ہے جو پھیپھڑوں کا کینسر پیدا کرتا ہے۔

**سوال 3:** بیکٹیریا سے پھیلنے والی چار بیماریوں کے نام لکھیے۔

**جواب:** بیکٹیریا سے پیدا ہونے والی بیماریاں درج ذیل ہیں:

1۔ ٹیوبر کلوسز 2۔ وہوپنگ کف 3۔ ڈفتھیریا 4۔ ٹیٹنس

**سوال 4:** HIV کن الفاظ کا مخفف ہے؟

**جواب:** HIV انگریزی الفاظ Human Immuno Defieciency Virus کا مخفف ہے۔

**سوال 5:** راؤنڈ ورم کی لمبائی اور رنگت کیا ہوتی ہے؟

**جواب:** راؤنڈ ورم بیس سے تیس سینٹی میٹر لمبے ہوتے ہیں۔ ان کا رنگ گلابی سفید ہوتا ہے۔

**سوال 6:** ہیپاٹائٹس کی اقسام بیان کیجیے۔

**جواب:** ہیپاٹائٹس کی درج ذیل اقسام ہیں:

1۔ ہیپاٹائٹس A 2۔ ہیپاٹائٹس B 3۔ ہیپاٹائٹس C

**سوال 7:** ڈینگی بخار کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

**جواب:** ڈینگی بخار، ڈینگی وائرس سے متاثرہ مادہ مچھر سے ہوتا ہے۔ یہ مچھر ڈینگی وائرس کو ڈینگی سے متاثرہ انسان کے خون سے حاصل کرتا ہے۔ ڈینگی وائرس ایک آدمی سے دوسرے آدمی میں براہ راست نہیں پھیل سکتا۔ صبح سویرے اور سہ پہر غروبِ آفتاب سے پہلے اس مچھر کے کاٹنے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے تاہم یہ دن میں کسی وقت بھی کاٹ سکتا ہے۔

**سوال 8:** وائرس سے لگنے والی چار بیماریوں کے نام تحریر کیجیے۔

**جواب:** وائرس سے پیدا ہونے والی چار بیماریاں درج ذیل ہیں:

1۔ سمال پوکس 2۔ پولیو 3۔ انفلوئنزا یا فلو 4۔ خسرہ

**سوال 9:** ڈرگز اور نارکوٹکس کی تعریف کیجیے۔

**جواب:** ایسی ادویات جو استعمال کرنے والوں کے لیے اس قدر نقصان دہ اور خطرناک ہو کہ انہیں استعمال کرنا، رکھنا یا ان کا کاروبار کرنا خلاف قانون ہو، ڈرگز کہلاتی ہیں مثلاً نارکوٹکس، ہیلوسینوجینز وغیرہ۔

ایسی ادویات جو درد سے نجات دلائیں اور نیند، غنودگی اور نشہ طاری کریں، نارکوٹکس کہلاتی ہیں جیسے اوپیم اور مورفین وغیرہ۔

**سوال10:** جراثیم کس طرح پھیلتے ہیں؟

**جواب:** بیماریوں میں مبتلا شخص جب بات کرتا ہے، کھانستا، ہنستا یا چھینکتا ہے تو اس کے منہ اور ناک سے بہت چھوٹے چھوٹے مائع ذرات ہوا میں خارج ہو جاتے ہیں اور ہوا میں معلق رہتے ہیں۔ ان مائع ذرات میں بیماری کے جراثیم بھی معلق رہتے ہیں۔ ارد گرد کے صحت مند افراد جب سانس لیتے ہیں تو یہ جراثیم ان کے سانس کے ساتھ جسم میں داخل ہو سکتے ہیں۔

**سوال11:** ملیریا سے کیسے بچا جا سکتا ہے؟

**جواب:** ملیریا سے بچنے کے لیے سب سے اہم کام مچھر کو مارنا ہے۔ جس کے لیے گھروں میں مچھر مار دوائی کا چھڑکاؤ، غیر ضروری جوہڑوں اور تالابوں کا پر کرنا شامل ہے۔ پانی کے اوپر مٹی کے تیل کا چھڑکاؤ اور انسان کو رات کو مچھر بھگانے والا تیل ملنا، مچھر دانی اور دوسرے طریقے استعمال کرنے چاہئیں۔ کلوروکونین جیسی دوا کا استعمال کریں۔

**سوال12:** چند دماغی بیماریوں کے نام لکھئے۔

**جواب:** چند دماغی بیماریوں کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ ڈیلیریم 2۔ ڈپریشن 3۔ ہسٹیریا 4۔ فوبیا

**سوال13:** سمال پوکس کی علامات لکھئے۔

**جواب:** اس بیماری کی مندرجہ ذیل علامات ہیں:

1۔ اچانک بخار کا ہونا 2۔ سر درد 3۔ کمر درد 4۔ قے آنا

5۔ بعض اوقات بچوں میں خاص طور پر جھٹکا لگنا۔ 6۔ بخار کے تیسرے روز بازوؤں اور ٹانگوں پر دانے نکلنا

**سوال14:** ملیریا کیسے پھیلتا ہے؟ اور اس کی علامات تحریر کیجیے۔

**جواب:** ملیریا کا مرض مادہ اینوفلیز مچھر کے کاٹنے سے انسان کے جسم میں پھیلتا ہے۔ پاکستان میں ملیریا کا مرض عموماً جولائی سے نومبر کے درمیان زیادہ ہوتا ہے۔

**علامات:** 1۔ اس مرض میں پہلے سردی سے کپکپاہٹ طاری ہوتی ہے۔

2۔ اس کے بعد تیز بخار سے جسم گرم ہو جاتا ہے۔ 3۔ اگر بخار دائمی ہو تو مریض کی تلی بڑھ جاتی ہے۔

4۔ تیسری سٹیج میں مریض کو پسینہ آتا ہے اور بخار کم ہو جاتا ہے۔

**سوال15:** ہیلوسینوجینز کیا ہیں؟

**جواب:** ایسی ادویات جو کہ ذہن پر عجیب اثرات مرتب کریں، جیسے وقت، مقام، آواز، رنگ اور دوسری محسوسات کا بگاڑ، ہیلوسینوجینز کہلاتی ہیں، مثلاً کینیبس۔

**سوال16:** ڈیلیریم کیا ہے؟ اس کی علامات لکھئے۔

**جواب:** ڈیلیریم تیزی سے ظاہر ہونے والی بیماری ہے جس کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں جیسے نشہ، دیگر بیماریاں، جسم میں الیکٹرولائٹس کی کمی اور دماغ میں آکسیجن کی کمی وغیرہ۔

**علامات:** ڈیلیریم جسم پر مختلف اثرات چھوڑتی ہے جیسا کہ بگڑتی ہوئی گفتگو، کپکپی طاری ہونا، آنکھوں کا تیزی سے حرکت کرنا، دودو نظر آنا، نیند نہ آنا، پریشانی، مدہوشی، گھبراہٹ، فریب نظر، یہ ڈر کہ لوگ اسے نقصان پہنچائیں گے وغیرہ۔

**سوال17:** ہسٹیریا سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ہسٹیریا کی بیماری زیادہ تر عورتوں میں پائی جاتی ہے۔ اندھا یا بہرا پن، سر درد، کانوں میں گھنٹیاں بجنا، گونگا پن، فالج، کپکپی طاری ہونا، دورہ پڑنا اور بھوک نہ لگنا اس بیماری کی علامات ہیں۔ اس کے علاج کے لیے طویل گفتگو کریں جس میں مریض کو بولنے کا زیادہ موقع دیں۔ اگر حالات و واقعات وہی رہیں تو یہ بیماری دوبارہ بھی ہو سکتی ہے۔

**سوال18:** ہوا سے پھیلنے والی بیماریوں کے نام تحریر کیجیے۔

**جواب:** ہوا سے پھیلنے والی بیماریوں کے نام درج ذیل ہیں:

1۔نزلہ 2۔کالی کھانسی 3۔ٹی۔بی 4۔خسرہ

**سوال19:** وہوپنگ کف کی علامات کیا ہیں؟

**جواب:** وہوپنگ کف کا مریض بچہ بغیر سانس لیے تیزی سے بہت دیر تک کھانستا رہتا ہے یہاں تک کہ کھانستے کھانستے اس کے منہ میں چپکنے والا بلغم آجاتا ہے اور ہوا اس کے پھیپھڑوں میں ایک تیز آواز کے ساتھ واپس جاتی ہے۔ کھانسنے کے دوران خون میں آکسیجن کی کمی کی وجہ سے بچے کے ناخن اور ہونٹ نیلے ہو جاتے ہیں۔ کھانسنے کے بعد بچے کو قے بھی آسکتی ہے۔ کھانسنے کے وقفوں کے درمیان بچہ صحت مند نظر آتا ہے۔ اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو نمونیا ہو سکتا ہے۔

**سوال20:** تمباکو نوشی کے مضر اثرات کیا ہیں؟

**جواب:** تمباکو نوشی کے مضر اثرات درج ذیل ہیں:

1۔اس سے خون کی شریانیں سکڑ جاتی ہیں جس سے خون کا جسم کے تمام حصوں تک پہنچنا مشکل ہو جاتا ہے۔

2۔ سگریٹ پینے والوں کے پھیپھڑوں کے خلیوں کے ارد گرد جمع ہوتا رہتا ہے جس سے پھیپھڑوں کے کام کرنے کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے۔ ٹار ایک ایسا مادہ ہے جو پھیپھڑوں کا کینسر پیدا کرتا ہے۔

**سوال21:** پین کلرز کیا ہیں؟ دو مثالیں دیجیے۔

**جواب:** ایسی ادویات جو درد سے نجات دلائیں مگر نشہ طاری نہ کریں پین کلرز کہلاتی ہیں۔

مثالیں: 1۔پیراسٹامول 2۔اسپرین

**سوال22:** ٹائیفائیڈ سے بچاؤ کے دو طریقے لکھیے۔

**جواب:** ٹائیفائیڈ سے بچاؤ کے دو طریقے مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ٹائیفائیڈ سے بچنے کے لیے پانی ابال کر پئیں۔ 2۔ پھل اور سبزیاں اچھی طرح دھو کر استعمال کریں۔

**سوال23:** سیڈیٹوز کیا ہیں؟ ان کی دو مثالیں لکھیے۔

**جواب:** ایسی ادویات جو ذہن کی تسکین کا باعث بنیں، انہیں سیڈیٹوز کہتے ہیں۔

مثالیں: 1۔ڈائی زیپام 2۔لورازیپام

**سوال24:** ہیپاٹائٹس A کیا ہے؟

**جواب:** ہیپاٹائٹس A وائرس کا نام HAV ہے اس بیماری کی علامات درج ذیل ہیں:

1۔بھوک کا خاتمہ 2۔جی متلانا 3۔جگر کی انتہائی سوزش 4۔پیلیا یعنی جانڈس

**سوال25:** ہیپاٹائٹس C کیسے پھیلتی ہے اور اس کی علامات کیا ہیں؟

**جواب:** ہیپاٹائٹس C خون سے پھیلنے والا وائرس ہے جیسے:

1۔متاثرہ شخص کا خون لگانا 2۔ایک ہی سرنج سے انجکشن لگانا

3۔لیبارٹری میں کام کرنے والے افراد میں اتفاقاً سوئی چبھ جانا وغیرہ۔

**سوال26:** ڈپریشن کیا ہے؟

**جواب:** اس میں انسان کی طبیعت ہمیشہ پریشان اور معمول سے کم رہتی ہے۔ زیادہ تر صبح کے وقت مزاج مدھم ہو جاتا ہے۔ سوچ میں کمی اور فیصلہ کرنے کی صلاحیت میں کمی ہو جاتی ہے۔ مریض خود کو حقیر سمجھنے لگتا ہے اور ہر کام میں خود کو قصوروار سمجھتا ہے۔ اس بیماری میں نیند اور بھوک میں کمی ہو جاتی ہے۔ وزن گرنا شروع ہو جاتا ہے۔ سر اور کمر کا درد رہتا ہے۔

**سوال27:** "لاک جا" کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

**جواب:** لاک جا کی علامت ٹیٹنس میں ظاہر ہوتی ہے۔ اس بیماری میں جسم کے تمام پٹھے سخت ہو جاتے ہیں جو تمام عرصے میں سخت ہی رہتے ہیں بعد

میں پٹھوں میں شدید جھٹکے لگتے ہیں جن سے مریض کو سخت درد ہوتا ہے اور منہ کے پٹھے سخت ہو کر منہ کو بند کر دیتے ہیں جسے لاک جا کہتے ہیں۔

**سوال 28:** پولیو کی کوئی سی دو ابتدائی علامات لکھئے۔

**جواب:** پولیو کی ابتدائی علامات یہ ہیں:

1۔ پولیو کی بیماری زکام کے ساتھ بخار، قے اور عضلات میں درد سے شروع ہوتی ہے۔

2۔ اس کا حملہ زیادہ تر ایک یا دو ٹانگوں پر ہوتا ہے جس سے یہ حصہ پتلا ہو جاتا ہے اور جسم کے دوسرے حصوں کی نسبت اس کی افزائش سست ہوتی ہے۔

**سوال 29:** راؤنڈ ورم سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** یہ بیس سے تیس سینٹی میٹر لمبے کیڑے ہوتے ہیں۔ ان کا رنگ گلابی سفید ہوتا ہے۔ کیڑے کا نام اسکیر س ہے۔

**سوال 30:** خسرہ کی کوئی سی چار علامات لکھئے۔

**جواب:** خسرہ کی چار علامات درج ذیل ہیں:

یہ مرض کھانسی، بخار، ٹھنڈ، بہتا ہوا ناک اور دکھتی ہوئی سرخ آنکھیں وغیرہ سے شروع ہوتا ہے۔ بچے کی بیماری آہستہ آہستہ بڑھتی جاتی ہے۔ دو یا تین دن بعد کوپلکس سپاٹ منہ کے اندر نمک کے ذروں جیسے چھوٹے چھوٹے سفید دانے نمودار ہوتے ہیں۔

**سوال 31:** تھریڈ ورمز کیا ہیں اور یہ انڈے کہاں دیتے ہیں؟

**جواب:** یہ بہت پتلے، دھاگہ نما اور ایک سینٹی میٹر لمبے پیٹ کے کیڑے ہوتے ہیں۔ ان کا رنگ سفید ہوتا ہے۔ یہ انیس سے تھوڑا باہر ہزاروں انڈے دیتے ہیں۔

**سوال 32:** اینٹی بائیوٹک ڈرگز سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** اینٹی بائیوٹک ڈرگز وہ ہیں جو بیکٹیریا سے پیدا ہونے والی بہت سی بیماریوں کا علاج کرتی ہیں وہ بیماریاں جو وائرس سے پیدا ہوتی ہیں اور ان پر اینٹی بائیوٹک ادویات بے اثر ہوتی ہیں۔ جیسے کہ نزلہ، زکام اور خسرہ وغیرہ۔ پنسلین اور ٹیٹرا سائیکلین اینٹی بائیوٹک کی مثالیں ہیں۔

**سوال 33:** ہسٹیریا اور فوبیا میں فرق لکھئے۔

**جواب:**

| ہسٹیریا | فوبیا |
|---|---|
| ہسٹیریا کی بیماری زیادہ تر عورتوں میں پائی جاتی ہے۔ اندھا یا بہرا پن، سر درد، کانوں میں گھنٹیاں بجنا، گونگا پن، فالج، کپکپی طاری ہونا، دورہ پڑنا اور بھوک نہ لگنا اس بیماری کی علامات ہیں۔ اس کے علاج کے لیے طویل گفتگو کریں جس میں مریض کو بولنے کا زیادہ موقع دیں۔ اگر حالات وواقعات وہی رہیں تو یہ بیماری دوبارہ بھی ہو سکتی ہے۔ | بے جا اور نامناسب ڈر یا خوف جو صرف کسی ایک شخص، جگہ یا چیز سے متعلق ہو مثلاً بس، کھلی جگہ، یا بند جگہ وغیرہ فوبیا جیسی بیماری کی علامات ہیں۔ مریض اس جگہ یا چیز سے بچنا شروع کر دیتا ہے۔ اس بیماری کا علاج ڈاکٹر کے مشورہ کے مطابق کروانا چاہیے۔ |

**سوال 34:** ڈینگی بخار کی علامات لکھئے۔

**جواب:** عام طور پر انفیکشن کے چار سے چھ دنوں بعد شروع ہوتی ہیں اور دس دن تک رہتی ہیں۔ ڈینگی بخار کی علامات میں اچانک تیز بخار، شدید سر درد، آنکھوں کے پیچھے درد، جوڑوں اور عضلات میں شدید درد، متلی، قے کا ہونا، غدود کا پھولنا شامل ہیں۔

**سوال 35:** ڈینگی بخار سے بچاؤ کی تدابیر کیا ہیں؟

**جواب:** جن برتنوں میں پانی ہو مناسب طریقے سے ڈھانپ کر رکھیں۔ پانی کو فرش اور گملوں وغیرہ میں کھڑا نہ ہونے دیں۔ مچھر مار کوائل، میٹ اور سپرے کا استعمال کریں۔ ڈینگی بخار سے بچنے کے لیے ڈینگی وائرس سے متاثرہ مچھروں کا خاتمہ ضروری ہے۔

**سوال 36:** کیریئر سے کیا مراد ہے؟ ایک مثال دیجیے۔

**جواب:** کیریئر وہ شخص ہوتا ہے جو خود بظاہر تندرست ہو لیکن دوسروں میں یہ بیماری پھیلانے کا سبب بن سکتا ہو۔

مثال: پاکستان میں ہر دس میں سے ایک شخص ہیپاٹائٹس بی وائرس کا کیریئر ہے۔

# باب نمبر6ماحول اور قدرتی وسائل

## (کثیر الانتخابی سوالات)

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ایٹماسفیئر کی موٹائی کتنی ہے؟ | 1000کلومیٹر | 1200کلومیٹر | 1600کلومیٹر | 200کلومیٹر |
| 2 | ہوا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کا کتنا تناسب ہے؟ | 40% | 0.4% | 0.04% | 0.004% |
| 3 | اوزون گیس ایٹماسفیئر کی کس تہہ میں حفاظتی غلاف بناتی ہے؟ | ٹروپوسفیئر | سٹریٹوسفیئر | میزوسفیئر | تھرموسفیئر |
| 4 | اوزون گیس کی تہہ کی تباہی کی بڑی وجہ ہے: | آکسیجن | ہائڈروجن | کلوروفلوروکاربن | ہائڈروکاربن |
| 5 | تقریباً۔۔۔۔۔۔فی صد پاکستان کی آبادی زراعت پر منحصر ہے۔ | 90 | 80 | 60 | 50 |
| 6 | کسی علاقے میں رہنے والے لوگوں کی تعداد کو کہتے ہیں: | سپی شیز | پاپولیشن | کیمونٹی | ہیبی ٹیٹ |
| 7 | 1998ء میں پاکستان کی آبادی۔۔۔۔۔۔تھی۔ | تیرہ کروڑ پانچ لاکھ | تیرہ کروڑ | چودہ کروڑ | پندرہ کروڑ |
| 8 | حال میں آبادی کے بڑھنے کی شرح 2.6 فیصد ہے۔ کتنے سالوں میں پاکستان کی آبادی دوگنی ہو جائے گی؟ | 47سال | 37سال | 17سال | 27سال |
| 9 | ایٹماسفیئر کی سب سے باہر والی تہہ ہے: | ٹروپوسفیئر | سٹریٹوسفیئر | میزوسفیئر | تھرموسفیئر |
| 10 | زمین کی سطح سے اوپر ٹروپوسفیئر کی بلندی ہے: | 10کلومیٹر | 18کلومیٹر | 20کلومیٹر | 40کلومیٹر |
| 11 | ایٹماسفیئر کی گرم ترین تہہ کہلاتی ہے: | میزوسفیئر | سٹریٹوسفیئر | ٹروپوسفیئر | تھرموسفیئر |
| 12 | زمین کے گرد حفاظتی غلاف کہلاتا ہے: | میزوسفیئر | تھرموسفیئر | اوزون | سٹریٹوسفیئر |
| 13 | ایٹماسفیئر کی تہہ میزوسفیئر کا ٹمپریچر ہوتا ہے: | $0^{\circ}C$ | $-50^{\circ}C$ | $-100^{\circ}C$ | $-150^{\circ}C$ |
| 14 | اوزون تہہ کون سی شعاعوں کو زمین تک پہنچنے سے روکتی ہے؟ | الٹراوائلٹ | انفراریڈ | ویزیبل | دی گئی تمام |
| 15 | ایٹماسفیئر کی تیسری تہہ کا نام ہے: | میزوسفیئر | ٹروپوسفیئر | سٹریٹوسفیئر | تھرموسفیئر |
| 16 | سورج کی شعاعوں کی ویولینگتھ ہوتی ہے: | کم | زیادہ | چھوٹی | طویل |
| 17 | ایٹماسفیئر کی تہیں ہیں: | 2 | 3 | 4 | 7 |
| 18 | ایٹموسفیئر کی سرد ترین تہہ ہے: | میزوسفیئر | سٹریٹوسفیئر | ٹروپوسفیئر | تھرموسفیئر |
| 19 | گلوبل وارمنگ کی وجہ ہے: | ریسپریشن | ڈی ہائیڈریشن | گرین ہاؤس ایفیکٹ | نائٹروجن |
| 20 | ہوا، آب وہوا اور موسم ایٹماسفیئر کی تہہ میں واقع ہوتے ہیں: | تھرموسفیئر | میزوسفیئر | سٹریٹوسفیئر | ٹروپوسفیئر |
| 21 | ایٹماسفیئر میں تقریباً78% پائی جانے والی گیس کون سی ہے؟ | نائٹروجن | آکسیجن | ہائیڈروجن | کاربن |
| 22 | تھرموسفیئر کا ٹمپریچر ہے: | $5000^{\circ}C$ | $1000^{\circ}C$ | $1500^{\circ}C$ | $2000^{\circ}C$ |
| 23 | اوزون۔۔۔۔۔۔۔میں موجود ہے۔ | ٹروپوسفیئر | سٹریٹوسفیئر | میزوسفیئر | تھرموسفیئر |
| 24 | ہوا میں آکسیجن کا تناسب ہے: | 21% | 20% | 22% | 25% |
| 25 | زمین کا ٹمپریچر قائم رکھنے میں کون سی گیس مدد دیتی ہے؟ | آکسیجن | کاربن مونو آکسائیڈ | ہائیڈروجن | کاربن ڈائی آکسائیڈ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 26 | کرہ ارض کے ٹمپریچر میں اضافہ کو کہتے ہیں: | گلوبل وارمنگ | پولیوشن | فوٹوسنتھی سز | فضلات |
| 27 | فیکٹریوں میں ایندھن کا جلنا ماحول کو آلودہ کرتا ہے: | ہوائی آلودگی | پانی کی آلودگی | زمینی آلودگی | شور کی آلودگی |
| 28 | آلودگی کی بڑی اقسام کی تعداد ہے: | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 29 | پولیوشن کی وجہ سے فضا میں کس گیس کی مقدار بڑھ جاتی ہے؟ | آکسیجن | نائٹروجن | کاربن ڈائی آکسائیڈ | ہائیڈروجن |
| 30 | وہ تمام فاسد اور فالتو مادے جو ماحول کی آلودگی کا سبب بنتے ہیں، کہلاتے ہیں: | ڈیٹر جینٹس | ہیبی ٹیٹ | گلوبل وارمنگ | پولیوٹینٹس |
| 31 | فیول جلنے سے کون سی آلودگی پیدا ہوتی ہے؟ | آبی آلودگی | شور کی آلودگی | فضائی آلودگی | زمینی آلودگی |
| 32 | پانی کی خصوصیات میں ناخوشگوار تبدیلی کو کہا جاتا ہے: | ناخوشگوار بُو | کڑواہٹ | درجہ حرارت کی تبدیلی | آلودگی |
| 33 | تیزابی بارش کا باعث ہے: | کاربن مونو آکسائیڈ | سلفر ڈائی آکسائیڈ | میتھین | لیڈ کے ذرات |
| 34 | سموگ سے بیماری ہوتی ہے: | دل کی | پھیپھڑوں کی | سانس کی | گردوں کی |
| 35 | کون ہمیں حقائق دیتا ہے اور مدعو کرتا ہے کہ انسانیت کی بھلائی کے لیے قدرتی وسائل استعمال کریں؟ | اسلام | ہندومت | عیسائیت | بدھ مت |
| 36 | پانی، جنگلات اور معدنیات وغیرہ کیا کہلاتے ہیں؟ | فوسلز | وسائل | زراعت | صنعت |
| 37 | پلاسٹک کہاں سے حاصل کرتے ہیں؟ | کوئلہ | صابن | پیٹرولیم | پانی |
| 38 | ہیرے اور پتھر نکلتے ہیں: | جیم سٹون | مائیکا | کرومائیٹ | سلفر |
| 39 | ایک مائع فوسل فیول ہے: | کوئلہ | میتھین | پٹرولیم | پانی |
| 40 | سلیکون کا فارمولا ہے: | $SiO_3$ | $SiO_2$ | $SiO_4$ | SiN |
| 41 | یہ فوسل فیول نہیں ہے: | کوئلہ | ہائیڈروجن | تیل | گیس |
| 42 | چٹانیں جن سے معدنیات نکالی جاتی ہیں، کہلاتی ہیں: | سلیکون | اورز | دھاتیں | جیم سٹون |
| 43 | سلیکون حاصل ہوتا ہے: | میگنیشیم | مائیکا | کیلشیم | جیم سٹون |
| 44 | کوئلہ، تیل اور گیس کہلاتے ہیں: | اور | فوسل فیولز | ذرائع | سموگ |
| 45 | کلرزدہ زمین کو قابل کاشت بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے: | پلاسٹر | سلیکون | جپسم | لائم سٹون |
| 46 | کمپیوٹر کے مائیکروپروسیسرز بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے: | کیلسیم | میگنیشیم | لائم سٹون | سلیکون |
| 47 | رہو، تھیلا اور ٹراؤٹ کس قسم کی مچھلیاں ہیں؟ | سمندری | گرم پانی کی | تازہ پانی کی | گہرے پانی کی |
| 48 | ماہی پروری کا کیا مطلب ہے؟ | مرغی پالنا | مویشی پالنا | مور پالنا | مچھلی پالنا |
| 49 | پاکستان میں ممالیہ جانوروں کی کتنی اقسام موجود ہیں؟ | 100 | 150 | 200 | 250 |
| 50 | اندھی ڈولفن مچھلی کس دریا میں پائی جاتی ہے؟ | چناب | جہلم | سندھ | راوی |
| 51 | پاکستان میں پرندوں کی اقسام پائی جاتی ہیں: | 150 | 200 | 350 | 600 |
| 52 | کسی علاقے کے تمام خودرو پودے اور غیر پالتو جانور کہلاتے ہیں: | بائیوسفیئر | پاپولیشن | جنگلی حیات | ہیچری |
| 53 | پاکستان میں مچھلیوں کی اقسام پائی جاتی ہیں: | 600 | 150 | 200 | 700 |
| 54 | امریکہ کی شرح اضافہ آبادی ہے: | 0.2% | 0.6% | 1.3% | 2.5% |
| 55 | پاکستان کی سالانہ اوسط شرح اضافہ آبادی ہے: | 0.2% | 0.6% | 1.5% | 2.6% |

## (مختصر جوابی سوالات)

**سوال1:** ہوا کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟

**جواب:** کرہ ہوائی تقریباً 78 فیصد نائٹروجن، 21 فیصد آکسیجن اور ایک فیصد آبی بخارات اور معمولی مقدار میں پائی جانے والی گیسوں (کاربن ڈائی آکسائیڈ، ہائیڈروجن، آرگان، ہیلیم، اوزون وغیرہ) پر مشتمل ہوتا ہے۔

**سوال2:** زمین کے لیتاسفیئر سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** کرہ ہوائی یا لیتاسفیئر گیسوں کا غلاف ہے جس نے زمین کو گھیر رکھا ہے۔

**سوال3:** کلوروفلوروکاربنز کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** فریج، ایئر کنڈیشنرز، سپرے کے ڈبوں اور پیکنگ فوم کے کارخانوں سے کچھ کیمیکل خارج ہوتے ہیں جنہیں کلوروفلوروکاربنز (CFCs) کہتے ہیں۔

**سوال4:** میزوسفیئر اور تھرموسفیئر میں فرق لکھئے۔

**جواب:** میزوسفیئر سرد تہہ ہے جہاں کا ٹمپریچر $-100^{o}C$ ہوتا ہے جبکہ تھرموسفیئر لیتاسفیئر کی گرم ترین تہہ ہے۔ یہاں کا ٹمپریچر $2000^{o}C$ تک ہوتا ہے۔ اسی طرح سٹریٹوسفیئر سے اوپر اور سطح زمین سے 85 کلومیٹر تک بلند لیتاسفیئر کی تہہ کو میزوسفیئر کہتے ہیں جبکہ لیتاسفیئر کی سب سے اوپر والی تہہ کا نام تھرموسفیئر ہے۔

**سوال5:** کرہ ہوائی کیا ہے؟ اس کی موٹائی لکھئے۔

**جواب:** کرہ ہوائی یا لیتاسفیئر گیسوں کا غلاف ہے جس نے زمین کو گھیر رکھا ہے۔ لیتاسفیئر کی موٹائی تقریباً 200 کلومیٹر ہے۔

**سوال6:** گلوبل وارمنگ کے دو اثرات لکھئے۔

**جواب:** گلوبل وارمنگ کے دو اثرات مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ زمینی آب و ہوا میں تبدیلیاں ہو سکتی ہیں۔

2۔ قطبین اور پہاڑوں پر برف کے پگھلنے اور زیادہ بارشوں کے سبب سمندروں کی سطح بلند ہو جائے گی اور کئی ساحلی علاقے ڈوب جائیں گے۔

**سوال7:** گرین ہاؤس ایفیکٹ اور گلوبل وارمنگ میں فرق لکھئے۔

**جواب:**

| گرین ہاؤس ایفیکٹ | گلوبل وارمنگ |
|---|---|
| گرین ہاؤس شیشے کے بنے ہوئے کمرے کو کہتے ہیں، جس میں پودے اُگائے جاتے ہیں۔ سورج سے آنے والی شعاعیں گرین ہاؤس کے اندر تو داخل ہو سکتی ہیں مگر حرارت کی لانگ ویولینگتھ والی شعاعیں باہر نہیں نکل سکتیں جس کی وجہ سے گرین ہاؤس کے اندر ٹمپریچر بڑھ جاتا ہے۔ اس عمل کو گرین ہاؤس ایفیکٹ کہتے ہیں۔ | گرین ہاؤس ایفیکٹ کی وجہ سے کرہ ارض کے ٹمپریچر میں اضافہ ہو جانا، گلوبل وارمنگ کہلاتا ہے۔ |

**سوال8:** ٹروپوسفیئر پر نوٹ لکھئے۔

**جواب:** یہ تہہ سطح زمین سے شروع ہو کر 18 کلومیٹر کی بلندی تک پھیلی ہوتی ہے۔ ہوا میں موجود گیسوں اور آبی بخارات کی زیادہ تر مقدار اسی تہہ میں پائی جاتی ہے۔

**سوال9:** اوزون کی تباہی کی وجوہات لکھئے۔

**جواب:** کلوروفلوروکاربنز اوزون کے ساتھ عمل کر کے اس تہہ کی تباہی اور باریکی کا سبب بن جاتے ہیں۔ نتیجتاً زیادہ الٹراوائلٹ شعاعیں زمین تک پہنچ سکتی ہیں۔ ان شعاعوں کی وجہ سے کینسر اور آنکھوں کی بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں۔

**سوال 10:** اوزون تہہ کا فنکشن کیا ہے؟

**جواب:** اوزون ایک گیس ہے جو سٹریٹوسفیئر کے اوپر والے حصے میں موجود ہوتی ہے۔ یہ زمین کے گرد ایک حفاظتی غلاف بناتی ہے اور سورج سے آنے والی الٹراوائلٹ شعاعوں کو زمین تک پہنچنے سے روکتی ہے۔

**سوال 11:** آلودگی کی تعریف کیجیے۔اقسام کے نام لکھیے۔

**جواب:** آلودگی سے مراد ہوا، زمین اور پانی کی خصوصیات میں ایسی ناخوشگوار تبدیلی ہے جس سے انسان اور دوسرے جانداروں کی زندگی پر بُرے اثرات مرتب ہوتے ہوں یا مستقبل میں ہونے کا اندیشہ ہو۔

آلودگی کی تین اقسام ہیں، 1۔فضائی آلودگی 2۔آبی آلودگی 3۔زمینی آلودگی

**سوال 12:** تیزابی بارش سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** سلفر ڈائی آکسائیڈ اور نائٹروجن کے آکسائیڈز کی وجہ سے تیزابی بارش پیدا ہوتی ہے جس سے پودوں، آبی جانوروں اور عمارتوں کو نقصان پہنچتا ہے۔

**سوال 13:** آبی آلودگی سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** آبی آلودگی عموماً صنعتی فاضل مواد، شہروں کی گندگی اور سیوریج کو آبی ذخائر مثلاً دریاؤں، نالوں، جھیلوں، تالابوں اور سمندروں میں پھینکنے سے پیدا ہوتی ہے۔

**سوال 14:** زمینی آلودگی کیا ہے؟

**جواب:** میونسپل کوڑا کرکٹ، سیوریج گار زراعتی ناکارہ مادے، کیمیکل انڈسٹری کا فالتو کیمیائی مواد زمینی آلودگی کا بڑا سبب ہیں۔

**سوال 15:** فضائی آلودگی کی کوئی سی دو وجوہات لکھیے۔

**جواب:** فضائی آلودگی کی دو وجوہات مندرجہ ذیل ہیں:

1۔فیکٹریوں، گاڑیوں اور انرجی پیدا کرنے والے یونٹوں میں ایندھن کا جلنا۔

2۔اشیا کی تیاری کے دوران کارخانوں اور بھٹیوں سے نکلنے والے فالتو مادے اور ذرات مثلاً ایسبسٹاس فائبر زنک اور لیڈ کے ذرات۔

**سوال 16:** آلودگی کے خاتمے کے لیے کوئی سی دو تدابیر لکھیے۔

**جواب:** آلودگی کے خاتمے کے لیے درج ذیل اقدامات کرنے چاہئیں:

1۔اشیا کو ادھر اُدھر زمین یا پانی کے ذخیروں میں نہ پھینکیں۔بے کار اشیاء کو مناسب طریقہ سے ٹھکانے لگائیں۔

2۔وسائل کا کم سے کم استعمال کریں اور انہیں ضائع نہ ہونے دیں۔

**سوال 17:** سموگ اور تیزابی بارش میں کیا فرق ہے؟

**جواب:**

| سموگ | تیزابی بارش |
|---|---|
| دھوئیں میں موجود بھورے رنگ والی نائٹروجن پر آکسائیڈ گیس روشنی میں دوسری گیسوں سے مل کر ایک مرکب بناتی ہے جسے سموگ کہتے ہیں۔ سموگ پھیپھڑوں کی بیماریاں پیدا کرتی ہے۔ اس کے علاوہ چیزیں صاف نظر نہیں آتیں۔ | سلفر ڈائی آکسائیڈ اور نائٹروجن کے آکسائیڈز کی وجہ سے تیزابی بارش پیدا ہوتی ہے جس سے پودوں، آبی جانوروں اور عمارتوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ |

**سوال 18:** زمینی آلودگی اور آبی آلودگی میں فرق لکھیے۔

**جواب:**

| زمینی آلودگی | آبی آلودگی |
|---|---|
| میونسپل کوڑا کرکٹ، سیوریج گار، زراعتی ناکارہ مادے، کیمیکل انڈسٹری کا فالتو کیمیائی مواد زمینی آلودگی کا بڑا سبب ہیں۔ | آبی آلودگی عموماً صنعتی فاضل مواد شہروں، شہروں کی گندگی اور سیوریج کو آبی ذخائر مثلاً دریاؤں، نالوں، جھیلوں، تالابوں اور سمندروں میں پھینکنے سے پیدا ہوتی ہے۔ |

**سوال19:** فوسل فیولز کیا ہوتے ہیں؟

**جواب:** کوئلہ، تیل اور گیس فوسل فیولز کہلاتے ہیں۔ٹرانسپورٹ، بجلی کی پیداوار، زراعت اور صنعت کی ضروریات پوری کرنے کے لیے درکار انرجی زیادہ تر انہی سے حاصل ہوتی ہے۔انہیں فوسل فیولز اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ یہ زمانہ قدیم کے پودوں اور جانوروں کی باقیات ہیں جو زمین میں دفن ہوگئیں اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ زمین کی تپش اور دباؤ کی وجہ سے کوئلے، تیل اور گیس میں تبدیل ہوگئیں۔

**سوال20:** معدنیات اور کچھ دھات میں کیا فرق ہے؟

**جواب:**

| معدنیات | کچھ دھات |
|---|---|
| معدنیات سے مراد وہ تمام عناصر (مثلاً سونا، لوہا، تانبا) اور مرکبات (مثلاً جپسم، مائیکا) ہیں جو ٹھوس حالت میں قدرتی طور پر قشرِ ارض میں موجود ہوتے ہیں اور انسانی استعمال کے لیے اہم ہیں۔ | معدنیات چٹانوں میں پائی جاتی ہیں۔ایسی چٹانیں جن میں سے معدنیات نکالی جاسکیں اور (Ore) یعنی کچ دھات کہلاتی ہیں۔ |

**سوال21:** قدرتی گیس پر مختصر نوٹ لکھئے۔نیز اس کے استعمالات بیان کیجیے۔

**جواب:** قدرتی گیس مختلف گیسوں کا مجموعہ ہے جن میں میتھین، ایتھین، پروپین وغیرہ شامل ہیں۔پاکستان میں قدرتی گیس کے کافی ذخائر پائے جاتے ہیں۔اس کے استعمالات مندرجہ ذیل ہیں:

1۔پٹرولیم اور کوئلہ کے علاوہ قدرتی گیس بھی توانائی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔

2۔ یہ بجلی گھروں میں بجلی پیدا کرنے، سیمنٹ اور کیمیائی کھادوں کی تیاری اور دوسرے کارخانوں کو چلانے کے علاوہ گھروں میں چولہے جلانے کے کام بھی آتی ہے۔

3۔ آج کل بہت سی گاڑیاں بھی گیس پر چلائی جارہی ہیں۔

**سوال22:** بائیوڈی گریڈ ایبل اشیاء کیا ہیں؟

**جواب:** ایسی اشیاء جنہیں مائیکرو آرگنزم (خوردبینی جاندار) کے عمل سے ان کے سادہ غیر مضر اجزا میں توڑا جاسکے، بائیوڈی گریڈ ایبل اشیا کہلاتی ہیں۔

**سوال23:** فوسل فیول کے ماحول پر اثرات بیان کیجیے۔

**جواب:** اس کا روز بروز بڑھتا ہوا استعمال ماحولیاتی مسائل بھی پیدا کررہا ہے مثلاً فوسل فیول کے جلنے سے بہت سی گیسیں اور دھواں پیدا ہوتا ہے جو ماحول کو آلودہ کردیتا ہے اس کے علاوہ کوئلے اور تیل کی کھدائی کے دوران بہت سی زمین، جنگلات اور جانداروں کی قدرتی آماجگاہیں ضائع ہوجاتی ہیں۔

**سوال24:** ماہی پروری کے بارے میں مختصر نوٹ لکھئے۔

**جواب:** مچھلی اعلیٰ غذائیت سے بھرپور خوراک کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے۔مچھلیاں ندی نالوں، جھیلوں، دریاؤں اور سمندروں میں پائی جاتی ہیں۔رہو، تھیلا اور ٹراؤٹ ہمارے تازہ پانیوں میں پائی جانے والی مچھلیوں میں شامل ہیں جن کا گوشت لذیذ اور غذائیت سے بھرپور ہے۔جدید ماہی پروری کی ٹیکنیکس میں ترقی کی وجہ سے مچھلی کی پیداوار میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے۔

**سوال25:** پولٹری پروڈکٹس سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** مرغیوں سے ہمیں گوشت اور انڈوں جیسی اعلیٰ خوراک حاصل ہوتی ہے جو انسانی جسم میں پروٹینز کی کمی کو پورا کرتی ہے۔مرغبانی کی صنعت کو سائنسی بنیادوں پر استوار کرنے سے ہمارے ملک کی خوراک کی مجموعی پیداوار میں کافی اضافہ ہوا ہے۔

**سوال26:** جنگلی حیات کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** کسی علاقے کی تمام نباتات (خودرو پودے) اور غیر پالتو جانور جنگلی حیات کہلاتے ہیں۔

**سوال27:** نیشنل پارک کون سے علاقے ہوتے ہیں؟

**جواب:** نیشنل پارکس یا وائلڈ لائف پارکس ایسے قدرتی علاقے ہوتے ہیں جو اپنی قدرتی حالت میں اپنی قدرتی نباتات اور حیوانات سمیت آئندہ

نسلوں کے لیے محفوظ کیے جاتے ہیں۔ ان میں تعلیمی اور تحقیقی کام کے علاوہ ہر طرح کی انسانی مداخلت ممنوع قرار دے دی جاتی ہے۔

**سوال 28:** جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے دو تجاویز دیجیے۔

**جواب:** جنگلی حیات کے دو تحفظ کے لیے دو تجاویز مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ جانوروں کے تباہ شدہ مساکن کو پھر سے آباد کر دیا جائے۔

2۔ وائلڈ لائف ریزروز اور وائلڈ لائف پارکس قائم کیے جائیں۔

**سوال 29:** وائلڈ لائف ریزروز سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** جنگلی حیات کے تباہ شدہ مسکن کو پھر سے آباد کر دیا جائے۔ اس سلسلے میں بعض علاقے جنگلی حیات کے لیے مخصوص کر دیے جاتے ہیں جنہیں وائلڈ لائف ریزروز اور وائلڈ لائف پارکس کہا جاتا ہے۔ یہ ایسے علاقے ہوتے ہیں جہاں جانداروں کو ان کا قدرتی ماحول فراہم کیا جاتا ہے اور انسانی مداخلت ممنوع قرار دی جاتی ہے۔

**سوال 30:** خطرے میں مبتلا پی شیز سے کیا مراد ہے؟/ اینڈینجرڈ پی شیز سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ایسے جاندار (پودے، جانور) جو معدوم ہونے کے خطرے سے دوچار ہوں، خطرے میں مبتلا پی شیز یا اینڈینجرڈ پی شیز کہلاتی ہیں۔

| باب نمبر 6: ماحول اور قدرتی وسائل | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب | سوال نمبر | جواب |
| 01 | D 200کلومیٹر | 02 | C 0.04% | 03 | B سٹریٹوسفیئر |
| 04 | C کلوروفلوروکاربن | 05 | C 60 | 06 | B پاپولیشن |
| 07 | A تیرہ کروڑ پانچ لاکھ | 08 | D 27سال | 09 | D تھرموسفیئر |
| 10 | B 18کلومیٹر | 11 | D تھرموسفیئر | 12 | C اوزون |
| 13 | C $-100^{\circ}C$ | 14 | A الٹراوائلٹ | 15 | A میزوسفیئر |
| 16 | A کم | 17 | C 4 | 18 | A میزوسفیئر |
| 19 | C گرین ہاؤس ایفیکٹ | 20 | D ٹروپوسفیئر | 21 | A نائٹروجن |
| 22 | D $2000^{\circ}C$ | 23 | B سٹریٹوسفیئر | 24 | A 21% |
| 25 | D کاربن ڈائی آکسائیڈ | 26 | A گلوبل وارمنگ | 27 | A ہوائی آلودگی |
| 28 | C 3 | 29 | C کاربن ڈائی آکسائیڈ | 30 | D پولیوٹینٹس |
| 31 | C فضائی آلودگی | 32 | D آلودگی | 33 | B سلفر ڈائی آکسائیڈ |
| 34 | B پھیپھڑوں کی | 35 | A اسلام | 36 | B وسائل |
| 37 | C پٹرولیم | 38 | A جیم سٹون | 39 | C پٹرولیم |
| 40 | B $SiO_2$ | 41 | B ہائیڈروجن | 42 | B اورز |
| 43 | B مائیکا | 44 | B فوسل فیولز | 45 | C جپسم |
| 46 | D سلیکون | 47 | C تازہ پانی کی | 48 | D مچھلی پالنا |
| 49 | C 200 | 50 | C سندھ | 51 | D 600 |
| 52 | C جنگلی حیات | 53 | D 700 | 54 | B 0.6% |
| 55 | D 2.6% | | | | |

# دی ہوپ ماڈل پیپر جنرل سائنس نہم نمبر 1

## (حصہ معروضی)

کل نمبر:15 وقت:20منٹ

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | وہ بیماری جو بچوں میں وٹامن ڈی کی کمی کی وجہ سے ہوتی ہے: | سکروی | ٹی بی | رکٹس | انیمیا |
| 2 | پینسلین دریافت کی تھی: | رابرٹ براؤن | سرالیگزینڈر فلیمنگ اور ہاورڈ فلورے | ایڈورڈ جینز | رابرٹ ہک |
| 3 | وہ مرکبات جن کے ملنے سے فیٹس بنتے ہیں: | گلوکوز | پانی+ $CO_2$ | گلیسرول+فیٹی ایسڈز | امائنوایسڈ+پانی |
| 4 | پتوں میں سوڈیم کی مقدار ہوتی ہے: | 0.01-10% | 10-15% | 12-16% | 16-20% |
| 5 | تمام جاندار اشیا کا بنیادی جزو ہے: | کاربن | نائٹروجن | سوڈیم | آئرن |
| 6 | الرازی نے مختلف کیمیائی مرکبات کو ------- گروپوں میں تقسیم کیا۔ | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 7 | ڈاکٹر ثمر مبارک مند کی سائنسی خدمات ہیں: | باٹنی میں | زوالوجی میں | فزکس میں | جیوگرافی |
| 8 | ایٹما سفیئر میں آکسیجن کی فیصد مقدار ہے: | 10% | 15% | 21% | 31% |
| 9 | فوسل فیول نہیں ہے: | کوئلہ | ہائیڈروجن | تیل | گیس |
| 10 | ایٹما سفیئر کو تہوں میں تقسیم کیا گیا ہے: | 2 | 3 | 4 | 6 |
| 11 | ہیپاٹائٹس کی اقسام ہیں: | 5 | 2 | 3 | 4 |
| 12 | ٹائیفائیڈ کا موجب ہے: | وائرس | بیکٹیریا | فنجائی | مچھر |
| 13 | ملیریا کا مرض انسان میں پھیلتا ہے: | بیکٹیریا | وائرس | مادہ اینوفلیز | ڈینگی مچھر |
| 14 | گلینڈ جو انسولین پیدا کرتا ہے: | پچوٹری گلینڈ | پنکریاز | تھائی رائیڈ گلینڈ | اووری |
| 15 | پانی میں حل پذیر وٹامنز ہیں: | K اور E | B اور C | A اور D | کوئی نہیں |

# (حصہ انشائی)

کل نمبر:60 وقت: 2:10 گھنٹے

## (حصّہ اوّل)

**2۔ کوئی سے چھے اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 12**

(i) فزکس کی تعریف کیجیے۔
(ii) چار پاکستانی سائنسدانوں کے نام لکھیے۔
(iii) علم پر دو احادیث کا ترجمہ تحریر کیجیے۔
(iv) ابن الہیثم کے چار کارنامے لکھیے۔
(v) جیو گرافی کی تعریف کیجیے۔
(vi) ہائڈروکاربنز کیا ہیں اور کہاں پائے جاتے ہیں؟
(vii) کوک سے کیا مراد ہے؟
(viii) کیلشیم ایلیمنٹ زندگی کے لیے کیوں اہم ہے؟
(ix) فلورین ایلیمنٹ کے کوئی چار استعمالات لکھیے۔

**3۔ کوئی سے چھے اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 12**

(i) بائیوکیمسٹری کی تعریف کیجیے۔
(ii) جینوم سے کیا مراد ہے؟
(iii) روزمرہ زندگی میں اینزائم کا کردار بیان کیجیے۔
(iv) براڈ سپیکٹرم اینٹی بائیوٹکس سے کیا مراد ہے؟
(v) کیٹالسٹ کی تعریف کیجیے۔
(vi) رکٹس اور اوسٹیوملیشیا میں کیا فرق ہے؟
(vii) کون سے وٹامنز چربی میں حل پذیر ہیں؟
(viii) پنکریاز کی اہمیت بیان کیجیے۔
(ix) انسانی جسم میں آئرن کا کیا کردار ہے؟

**4۔ کوئی سے چھے اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 12**

(i) ڈینگی وائرس پھیلنے کے دو ذرائع لکھیے۔
(ii) ہوا سے پھیلنے والی دو بیماریوں کے نام لکھیے۔
(iii) جسم کے کون سے حصے فنگس سے متاثر ہوتے ہیں؟
(iv) سٹرلائزیشن کی تعریف کیجیے۔
(v) پین کلرز سے کیا مراد ہے؟
(vi) پٹرولیم کی تعریف کیجیے۔
(vii) جنگلی حیات کے دو فائدے لکھیے۔
(viii) تیزابی بارش کن گیسوں کی وجہ سے ہوتی ہے؟
(ix) کوئلے کے دو استعمالات لکھیے۔

ERROR: undefined
OFFENDING COMMAND: Comma

STACK:

/Arabic